لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | جمعرات 24 ستمبر 2026ء 11 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 23
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

استعفے دو یا ایوان بچاؤ

شاہد خٹک کی اپوزیشن کو نئی تجویز

اراکین پارلیمنٹ کو اٹھا کر بے توقیری کی جا رہی ہے، خیبر پختونخوا سے بھی ہمارے صوبائی اسمبلی کے اراکین کو اغوا کیا جا رہا ہے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شاہد خٹک نے اپوزیشن جماعتوں کو اسمبلیوں سے مستعفی ہوجانے کی تجویز دے دی ہے نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے شاہد خٹک نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کو اٹھا کر بے توقیری کی جا رہی ہے اور خیبر پختونخوا سے بھی ہمارے صوبائی اسمبلی کے اراکین کو اغوا کیا جا رہا ہے۔ پروگرام میں شریک وزیر اعظم کے سیاسی امور کے مشیر سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم ہاؤس میں ہونے والی میٹنگ میں اسلام آباد کی انتظامیہ نے کہا ہے کہ جن کنٹینر مالکان کو معاوضہ نہیں ملا وہ ہمیں بتائیں سب کو معاوضہ ملے گا۔

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمرہ زائرین کے لیے ویکسی نیشن کے بغیر سفر کی تاریخ میں توسیع

کراچی (بیورو رپورٹ) عمرہ زائرین کے لیے ویکسی نیشن کے بغیر سفر کی تاریخ بڑھا دی گئی۔ وفاقی ایئرپورٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، بارڈر ہیلتھ سروسز کے فوکل پرسن ڈاکٹر سید مرتضیٰ شاہ بخاری کے مطابق ویکسی نیشن کے بغیر سفر پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وزیر اعظم شہباز شریف اور بل گیٹس میں ملاقات

پاکستان کی بہتری کے لیے شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ

نیویارک (صباح نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں پولیو کے خاتمے، ماں اور بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن، مالیاتی شمولیت اور زرعی شعبے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر اعظم نے رواں ماہ کے اوائل میں گیٹس فاؤنڈیشن کی ٹیم کے دورۂ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں فاؤنڈیشن کے تعاون کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سینیٹر روبینہ خالد کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت

شہید پولیس اہلکاروں کی قربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی، چیئرپرسن BISP

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی شدید مذمت نوشکی میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی افسوس اور رنج ہے سینیٹر روبینہ خالد پولیو ٹیم کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں شہید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

متحدہ عرب امارات نے ایرانی بینک پر پابندی لگا دی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ عرب امارات کے مرکزی بینک نے ایرانی بینک ملّی ایران کی ملک میں قائم تمام شاخوں کو ایران سے مالی لین دین کرنے سے روک دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق اماراتی مرکزی بینک نے یہ اقدام متحدہ عرب امارات میں نافذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

نیویارک، وزیر اعظم شہباز شریف سے چیئرمین گیٹس فیڈریشن بل گیٹس ملاقات کر رہے ہیں

طاقت کی زبان قبول نہیں مذاکرات پر تیار ہیں

گھٹنے ٹیکیں گے نہ جوہری حق سے پیچھے ہٹیں گے، ایران

ایران جوہری ہتھیار چاہتا اور نہ ہی پرامن جوہری ٹیکنالوجی کے اپنے حق سے دستبردار ہوگا، اسرائیل کی جوہری تنصیبات کا معائنہ کیوں نہیں کیا جاتا؟

فلسطین عالمی برادری کے ضمیر پر ایک کھلا زخم، پابندیوں، دباؤ اور دھمکیوں سے ایرانی عوام کی مزاحمت مزید بڑھے گی، مسعود پزشکیان کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں کہا ہے کہ کسی کی اجازت کے بغیر اپنے دفاع کا حق استعمال کرے گا، ایران جوہری ہتھیار نہیں چاہتا لیکن پرامن جوہری ٹیکنالوجی کے حق سے دستبردار نہیں ہوگا۔ نیویارک میں جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے مسعود پزشکیان نے ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی عوام خود دہشت گردی کے شکار رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل نے ایران کی جامعات، طبی مراکز، اسکولوں، اسپتالوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا لیکن ہم نے اپنے دفاع میں کی گئی کارروائی میں کسی شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا۔ صدر پزشکیان نے ایران کے سپریم لیڈر کی شہادت اور میناب کے پرائمری گرلز اسکول پر امریکی حملے کا بھی حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایران کے سپریم لیڈر کو بغیر کسی قانونی جواز کے قتل کیا گیا جبکہ جنگ کے پہلے ہی روز اسکول کی درجنوں طالبات کو شہید کیا گیا۔ انھوں نے یہ بھی باور کرایا کہ ایران گزشتہ 200 برس سے کسی ملک پر حملہ کرنے والا ملک نہیں رہا اور وہ اپنی طاقت کو جارحیت یا علاقائی بالادستی کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہتا۔ ہم دوسروں کی عدم سلامتی میں اپنی سلامتی تلاش نہیں کرتے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

سعودی عرب کے قومی دن پر مبارکباد، سعودی عرب کی خوشحالی پاکستان کے لیے بھی فخر ہے

صدر زرداری، شہباز شریف

پاکستان اور سعودی عرب مشترکہ عقیدے، تاریخ، دوستی، باہمی اعتماد اور یکجہتی کے گہرے رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں، زرداری

پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنی سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پر عزم ہے، شہباز شریف

نیویارک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ایبٹ فارما کے عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے 96 ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد و وزیر اعظم محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور سعودی عوام کو مبارکباد پیش کی۔ صدرِ مملکت نے سعودی قیادت کے نام اپنے تہنیتی خطوط میں نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پٹرول 1 روپے 93 پیسے، ڈیزل 4 روپے 21 پیسے سستا

ڈیزل 414 روپے 75 پیسے، پٹرول 390 روپے 12 پیسے کا ہو گیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں دوسرے روز بھی کمی کر دی اور وزارت توانائی کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ وزارت توانائی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کرم سیکٹر میں فتنۃ الخوارج کی دراندازی، پاک فوج کی کارروائی، طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار

پاک فوج نے کرم سیکٹر سے افغان طالبان کی زیر نگرانی ہونے والی فتنۃ الخوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی

افغانستان کے صوبوں ننگرہار اور پکتیا میں فتنۃ الخوارج کی دراندازی کی کوشش کا بارڈر پر موجود بہادر جوانوں نے منہ توڑ جواب دیا

کرم (مانیٹرنگ ڈیسک) کرم سیکٹر میں فتنۃ الخوارج کی دراندازی کی کوشش پاک فوج نے ناکام بنا دی، طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار، پاکستان سکیورٹی فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی، دشمن کی توپیں خاموش کروا دی گئیں پاک فوج نے کرم سیکٹر سے افغان طالبان کی زیر نگرانی ہونے والی فتنۃ الخوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی، جس کے بعد کرم سیکٹر میں افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پنجاب حکومت کی 27 ستمبر سے موبائل سروسز کی بندش کی درخواست

درخواست امن و امان کی متوقع صورتحال کے پیش نظر کی گئی

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے وفاق سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز کی بندش اور سگنل کمزور کرنے کی درخواست کر دی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے وفاقی حکومت کو خط لکھ کر 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز کی بندش اور اسے ڈاؤن گریڈ کرنے کی درخواست کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے ضلع اٹک اور راولپنڈی کے مخصوص علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ بندش کی درخواست بھی کی ہے۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایران نے اپنا موقف اور شرائط امریکا تک پہنچا دیں، اسماعیل بقائی

تہران (آئی این پی) ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ نیویارک میں امریکی فریق کے ساتھ رابطہ قطری ثالث کے ذریعے ہوا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ایران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، سیکرٹری ہاؤسنگ کیپٹن (ر) محمد محمود اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدہ: لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود پہلے سیکرٹری جنرل مقرر

ایگریمنٹ کے تحت قائم ہونیوالے اتحاد کے جنرل سیکرٹریٹ کی قیادت کریں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو پہلا سیکرٹری جنرل مقرر کرنے کا اعلان کر دیا۔ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت قائم ہونے والے اتحاد کے جنرل سیکرٹریٹ کی قیادت کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اتحاد کا جنرل سیکرٹریٹ سعودی عرب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایران سے مذاکرات کا ایک دور کامیابی کیساتھ مکمل ہوا، سٹیو وٹکوف

نیویارک (صباح نیوز) امریکا کے خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف نے کہا ہے کہ اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر ثالثوں کے ذریعے ایرانی وفد کے ساتھ طویل بات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

وزارت مذہبی امور کا نوٹس، پرائیویٹ حج بکنگ میں تیزی آ گئی

درخواستوں کی تعداد 21 ہزار 547 سے تجاوز، 50 ہزار نشستیں تاحال باقی

اسلام آباد (اے پی پی): وزارت مذہبی امور کی طرف سے پرائیویٹ حج سکیم مانیٹرنگ سیکشن کے نوٹس لینے کے بعد پرائیویٹ حج بکنگ میں تیزی آ گئی ہے۔ درخواستوں کی تعداد 21 ہزار 547 سے تجاوز کر گئی ہے۔ پرائیویٹ حج سکیم میں 50 ہزار نشستیں تاحال باقی ہیں۔ بدھ کو ترجمان مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

لیوی خاتمہ تک لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہونگے، حافظ نعیم الرحمن

بدقسمتی سے بڑی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں اور احتجاج میں مزید وسعت آئے گی، لانگ مارچ کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، وزیر اعظم کی درخواست پر مارچ کو چند روز کے لیے روکا گیا ہے، شہباز شریف کی وطن واپسی پر ملاقات میں عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو قافلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

پیٹرولیم لیوی آمدن کا ایک ذریعہ ہے: وزارت خزانہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت خزانہ نے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) کو پاکستان کے آئی ایم ایف پروگرام کا "مرکزی نکتہ" قرار دینے سے متعلق رپورٹس کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

علم اور اخلاق جارح دشمن کا ہاتھ کاٹ سکتے ہیں، ایرانی سپریم لیڈر

نوجوان سائنسی اور تکنیکی پیشرفت کیلئے اقدامات کریں، آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای

تہران (آئی این پی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ علم اور اخلاق جارح دشمن کا ہاتھ کاٹ سکتے ہیں۔ طلبہ کے نام پیغام میں ایران کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

نیویارک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اقوام متحدہ میں مباحثہ سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹرز سے ہفتے میں 102 گھنٹے تک کام لینا غیر انسانی، ہائیکورٹ

معاملے پر متعلقہ ریگولیٹری اور حکومتی اداروں کو غور کرنا چاہیے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے ڈاکٹرز سے ہفتے میں 102 گھنٹے تک کام لینے کو غیر انسانی قرار دے دیا۔ کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کی جانب سے عدالت میں جمع کرائے گئے اپنے جواب میں طویل ڈیوٹی اوقات کے ڈاکٹروں کی چوکسی اور کارکردگی پر اثرات کی نشاندہی کی گئی۔ عدالت نے معاملہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نفیسہ شاہ کا NCCW اور پنجاب کمیشن وقارِ نسواں میں خالی آسامیوں پر اظہار تشویش

اسلام آباد (اے پی پی) خصوصی کمیٹی برائے صنفی مرکزی دھارے میں شمولیت کی چیئرپرسن ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے قومی کمیشن برائے وقارِ نسواں (این سی ایس ڈبلیو) اور پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

گورنر فیصل کنڈی سے پیسکو چیف اور ہیڈ آف گرڈ اسٹیشن کی ملاقات

صوبہ میں پیسکو اور گرڈ اسٹیشنز سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

پشاور (اے پی پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پیسکو چیف اختر حمید خان اور ہیڈ آف گرڈ اسٹیشن حبیب الرحمان خان نے ملاقات کی، صوبہ میں پیسکو اور گرڈ اسٹیشنز سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر ہاؤس پشاور کے ترجمان کے مطابق ملاقات میں صوبہ کے جنوبی اضلاع میں واپڈا کی لائن اور پولز کی تنصیب کے حوالہ سے پیش رفت جبکہ بجلی ٹرانسفارمر، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پاکستان سنگل ونڈو کی گھر بیٹھے بائیومیٹرک تصدیق کی سہولت متعارف

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سنگل ونڈو نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ساتھ اپنے پلیٹ فارم کو مربوط کر دیا ہے، جس کے بعد صارفین گھر بیٹھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

حمزہ شہباز کی زیر صدارت اجلاس، وزیر اعظم فیول ریلیف آگاہی تیز کرنے کی ہدایت

سکیم کا مؤثر نفاذ اور اہل شہریوں تک ریلیف کی یقینی رسائی اولین ترجیح، نائب صدر ن لیگ

اسلام آباد (اے پی پی): سابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز شریف نے وزیر اعظم خصوصی فیول ریلیف سکیم کے مؤثر نفاذ اور اہل شہریوں تک ریلیف کی یقینی رسائی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے عوامی آگاہی اور سہولت کاری کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وہ بدھ کو وزیر اعظم خصوصی فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال سے صدر لاہور ٹیکس بار کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

امریکی سفیر کی ملاقات، دنیا اور دہشتگردی کے درمیان پاکستان مضبوط دیوار ہے، محسن نقوی

علاقائی سکیورٹی کے امور اور پاکستان کی جانب سے امن کے لیے کی جانے والی کوششیں بھی زیر بحث آئیں

وفاقی وزیر داخلہ اور امریکی سفیر نے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے باہمی رابطوں کو مستحکم کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دنیا اور دہشت گردی کے درمیان پاکستان ایک مضبوط دیوار ہے۔ امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے مواقع کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خطے کی تازہ ترین صورتحال کے تناظر میں امن و استحکام کے لیے جاری کاوشوں پر گفتگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

تہران سے بغداد اور مسقط جانیوالی تمام پروازیں منسوخ

استنبول سمیت دیگر بین الاقوامی پروازیں شیڈول کے مطابق چلیں گی، ایرانی حکام

تہران (صباح نیوز) ایران نے تہران سے بغداد اور مسقط جانیوالی تمام پروازیں منسوخ کر دیں۔ ایرانی حکام نے کہا ہے کہ تہران سے بغداد اور مسقط جانے والی پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ایران سے بغداد جانے والی پروازوں کو نجف موڑا جا رہا ہے۔ ایران نے کہا کہ استنبول سمیت دیگر بین الاقوامی پروازیں شیڈول کے مطابق چلیں گی۔ دوسری جانب عراق نے بدھ کی نصف شب سے بغداد کے لیے ایرانی پروازیں معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پاکستان اور آئی ایم ایف مذاکرات آج سے شروع، 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان

زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلیے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

مشن کو یورو بانڈ کے کامیاب اجرا اور بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقوم پر بھی بریفنگ دی جائیگی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آج سے شروع ہو رہے ہیں، جس کی کامیابی پر 2.1 ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا، قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے اور کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 2.1 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے بیلاروس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پائیدار ترقی میں ڈیجیٹل تبدیلی کا کردار کلیدی، وزیر خزانہ

نیویارک میں ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کے زیر اہتمام مکالمے میں گفتگو

نیویارک (اے پی پی): وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب منتقلی میں ڈیجیٹل تبدیلی کا کردار کلیدی نوعیت کا حامل ہے۔ انہوں نے یہ بات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر نیویارک میں ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کے زیر اہتمام اعلیٰ سطح کے وزارتی مکالمے میں کہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ اور وزیر توانائی اویس لغاری اعلیٰ سطحی اجلاس میں شریک ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اشاروں کی زبان کا عالمی دن منایا گیا

اسلام آباد (اے پی پی): پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماعت سے محروم افراد کے لئے اشاروں کی زبان کا عالمی دن بدھ 23 ستمبر کو منایا گیا۔ اس دن کے منانے کا مقصد سماعت سے محروم افراد کے سماجی حقوق کے تحفظ اور ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

مسئلہ کشمیر کو غیر حل شدہ چھوڑنا خطرناک ہے، اسحاق ڈار

کشمیری 8 دہائیوں سے اقوام متحدہ کے تحت حق خودارادیت کے منتظر ہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے مئی 2025 کا پاک بھارت تنازع اس بات کی یاددہانی ہے کہ مسئلہ کشمیر کو غیر حل شدہ چھوڑنا خطرناک ہے۔ او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کشمیری 8 دہائیوں سے اقوام متحدہ کے تحت حق خودارادیت کے منتظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاک، سعودی تعلقات اعتماد، خلوص اور اخوت کی بنیاد پر قائم، مریم نواز

ولی عہد محمد بن سلمان کی دانشمندی کی بدولت آج سعودی عرب دنیا میں بلند مقام رکھتا ہے

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے عوام مکہ معاہدے سے بہت خوش ہیں۔ پاکستانی عوام الحرمین و شریفین کی حفاظت کو سعادت سمجھتی ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی قیادت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ٹرمپ ایران کے خلاف دھمکی آمیز بیانات دینا بند کریں، برنی سینڈرز

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ ایران کے خلاف دھمکی آمیز بیانات دینا بند کریں۔ امریکی سینیٹر نے سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں کہا کہ ایرانی عوام کو تباہ کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پنجاب شہری علاقوں میں صفائی فیس کی وصولی کا نیا نظام نافذ

ماہانہ صفائی فیس لاگو، ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کو وصولی کا نیا ٹاسک سونپ دیا گیا

لاہور (آئی این پی) پنجاب کے شہری علاقوں میں صفائی فیس کی وصولی کا نیا نظام نافذ کر دیا گیا ہے، جس کے تحت گھروں اور کمرشل یونٹس سے رقبے اور حجم کے حساب سے ماہانہ فیس وصول کی جائے گی۔ صفائی فیس کی وصولی کی ذمہ داری اب ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کو سونپ دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ستھرا پنجاب اتھارٹی اور ایکسائز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سیاسی معاملات کو چھوڑ کر امن و امان پر توجہ دیں!

سکیورٹی فورسز نے سوموار کو خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں اور افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقوں میں زمینی اور فضائی کارروائیاں کرتے ہوئے 37 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ وفاقی وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق پاکستان کے اندر بالخصوص خیبر پختونخوا کے بے گناہ شہریوں کے خلاف دہشت گردی کے متعدد واقعات کے بعد سکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں منظم انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے۔ ان کارروائیوں کے دوران دہشت گرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کو محدود فضائی حملوں سے بھی نشانہ بنایا گیا۔ وزارتِ اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 20 ستمبر کو کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں کی گئی زمینی کارروائیوں کے دوران نو خوارج کو ہلاک کیا گیا۔ علاوہ ازیں، افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے میں فتنہ الخوارج اور اس سے وابستہ دہشت گردوں کے تین ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ کارروائی میں خودکش حملہ آوروں کا ایک تربیتی مرکز بھی تباہ کیا گیا جبکہ کئی خودکش بمباروں سمیت مجموعی طور پر 28 دہشت گرد مارے گئے اور ان کے ٹھکانوں میں موجود اسلحہ اور گولہ بارود کا ذخیرہ بھی تباہ کر دیا گیا۔ وزارتِ اطلاعات کا کہنا تھا کہ پاکستان کو درپیش دہشت گردی کے خطرے کی جڑیں افغانستان میں موجود ہیں جبکہ پاکستانی شہریوں کا تحفظ اور سلامتی ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ بیان میں اس عزم کا اعادہ بھی کیا گیا کہ عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم "غضبُ الحق" پوری قوت اور رفتار کے ساتھ جاری رہے گی، غیر ملکی سرپرستی و حمایت سے ہونے والی دہشت گردی کا ملک سے مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب، بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے مزید چار دہشت گرد بھی ہلاک کر دیے گئے۔ ملک میں دہشت گردی کی لہر پر گزشتہ چند ماہ کے دوران کسی حد تک قابو ضرور پایا گیا تھا تاہم اس عفریت کا مکمل خاتمہ تاحال ممکن نہیں ہو سکا۔ دہشت گرد وقتاً فوقتاً اپنی موجودگی کا احساس دلاتے اور ریاستی اداروں کے ساتھ ساتھ بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بناتے رہتے ہیں۔ گزشتہ جمعے کو نماز کے دوران خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس لائنز کے انتہائی حساس اور محفوظ علاقے میں واقع مسجد پر ہولناک حملہ کیا گیا جس میں 28 سے زائد افراد شہید ہوئے۔ شہداء میں 16 پولیس اہلکار بھی شامل تھے جبکہ 100 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق حملہ آور کی شناخت پاکستان میں مقیم افغان شہری مطیع اللہ کے طور پر ہوئی۔ یہ بات تو صاف ہے کہ دہشت گردوں کا کسی دین، اخلاق یا انسانی قدر سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ 2015ء میں پشاور کی امام بارگاہ پر حملے سے لیکر 2023ء کے پشاور پولیس لائنز دھماکے تک، دہشت گرد بارہا مساجد اور دیگر عبادت گاہوں کو نشانہ بناتے رہے ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ افغان طالبان حکومت بھارت کا مکمل ساتھ دے رہی ہے۔ افغان انٹرنیشنل کی طرف سے شائع کی گئی ایک خفیہ تحقیقاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے لئے بھارتی خفیہ ایجنسی "را"، طالبان کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) اور طالبان قیادت کے درمیان ایک منظم رابطہ موجود ہے۔ "را"، طالبان انٹیلی جنس اور طالبان قیادت پر مشتمل یہ مبینہ نیٹ ورک 2025ء میں قائم کیا گیا تھا۔ یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ طالبان انٹیلی جنس نے ہیبت اللہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے درمیان روابط استوار کیے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ قندھار کے گورنر ملا شیریں نے القاعدہ اور فتنہ الخوارج (گل بہادر گروپ) کے ساتھ ملاقات کی جس میں بلوچستان میں دہشت گردی کے لئے بی ایل اے کی معاونت پر بات چیت کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جولائی 2026ء میں طالبان کے جی ڈی آئی نے تین ملاقاتیں کرائیں جن میں پاکستان کے اندر دہشت گرد کارروائیوں کے لئے فتنہ الہندوستان کو بھرپور معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ افغان انٹرنیشنل کے مطابق قندھار میں فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے کمپاؤنڈ میں دوسری میٹنگ میں بی ایل اے نے بلوچستان میں دہشت گردی کے لئے جماعت الاحرار کو 5.3 ملین افغانی دیے، تیسری میٹنگ افغانستان سے باہر را اور جی ڈی آئی کے مابین ہوئی جس میں بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی بلوچستان میں مشترکہ کارروائیوں کا فیصلہ کیا گیا۔ دستاویز میں انکشاف کیا گیا کہ بھارتی خفیہ ایجنسی "را" نے پاکستان میں کارروائی کیلئے 8.7 ملین ڈالر سے زائد رقم فراہم کی۔ رپورٹ میں ملا ہیبت اللہ سے منسوب ایک خط کا حوالہ بھی دیا گیا ہے جسے طالبان حکومت اور فتنہ الہندوستان کے مبینہ گٹھ جوڑ کے ثبوت کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ بلوچستان میں بیشتر دہشت گرد حملے فتنہ الخوارج اور القاعدہ کے عناصر انجام دیتے ہیں تاہم ان حملوں کی ذمہ داری فتنہ الہندوستان قبول کرتی ہے۔ اسی تناظر میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ چار ستمبر کو زیارت میں ہونے والا حملہ فتنہ الخوارج نے کیا تھا جبکہ القاعدہ اور دیگر کالعدم عناصر کو عالمی پابندیوں اور نگرانی سے بچانے کے لئے اس کی ذمہ داری بھی فتنہ الہندوستان نے قبول کی۔ افغان طالبان کی جانب سے تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور اس سے وابستہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو مبینہ پناہ اور سہولت فراہم کیے جانے کا معاملہ طویل عرصے سے باعثِ تشویش ہے۔ پاکستانی حکام بارہا یہ مؤقف اختیار کر چکے ہیں کہ ان عناصر کو افغان سرزمین پر محفوظ پناہ گاہیں حاصل ہیں جہاں سے وہ پاکستان میں دہشت گردی کی منصوبہ بندی کرتے اور مبینہ طور پر لاجسٹک معاونت حاصل کرتے ہیں۔ پاکستان کی متعدد درخواستوں اور مسلسل سفارتی کوششوں کے باوجود افغان عبوری حکومت کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث پاکستان سخت اقدامات کرنے پر مجبور ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق، بھارتی خفیہ ایجنسی "را" اور طالبان حکومت اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے دہشت گرد عناصر کی مسلسل پشت پناہی کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کوہاٹ کا واقعہ سکیورٹی کے حوالے سے بھی کئی نہایت اہم اور تشویشناک سوالات اُٹھاتا ہے۔ سینکڑوں کلوگرام بارود سے بھری گاڑی تمام راستوں، ناکوں اور چیک پوسٹوں سے گزرتی ہوئی کوہاٹ تک کیسے پہنچی؟ سخت حفاظتی انتظامات کے باوجود یہ گاڑی پولیس لائنز جیسے حساس علاقے میں کیسے داخل ہوئی؟ پولیس لائنز کوئی عام عوامی مقام نہیں بلکہ سخت حفاظتی حصار میں موجود ایک انتہائی حساس علاقہ ہوتی ہے۔ یہ سوال بھی اپنی جگہ انتہائی سنگین ہے کہ اگر بارود سے بھری ایک گاڑی پولیس لائنز جیسے حساس مقام تک پہنچ سکتی ہے تو پھر ملک کا کون سا مقام محفوظ تصور کیا جا سکتا ہے؟ امن و امان کی صورتحال یقینی بنانے کی ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوتی ہے، وفاقی حکومت خیبر پختونخوا حکومت کو مسلسل اُس کی ترجیحات درست کرنے کی تلقین کرتی رہتی ہے کہ دہشت گردی پر محض نعروں کے ذریعے قابو نہیں پایا جا سکتا، سیاسی معاملات کو چھوڑ کر صوبے کے امن و امان پر توجہ دیں

محض سفارتی احتجاج یا زبانی وارننگز سے مسئلہ حل نہیں ہوگا

امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو نشانِ عبرت بنا دیا۔ اس سلسلے کی ایک کارروائی میں بلوچستان کے ضلع قلات کے قریب این 25 پر دہشت گردوں کی عوامی آمد و رفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ اسی طرح، خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں 8 خوارج ہلاک جبکہ 2 افسروں سمیت 6 جوان شہید ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب کروائے۔ دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کے لیے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی جسے تباہ کر دیا گیا۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں برآمد کی گئیں جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔

ادھر، بلوچستان کے ضلع خاران میں دہشت گردوں نے مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی دیسی ساختہ بم حملہ کیا جس سے 10 مزدور زخمی ہو گئے۔

صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان ہائی وے پر شہریوں کی نقل و حرکت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا ہے کہ آپریشن عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ مسلح افواج کے شعبۂ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی اور معاونت حاصل کرنے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔ شہید ہونے والے بہادر جوانوں اور افسران کی قربانیاں ہر قیمت پر وطن کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

پاکستان ایک بار پھر دہشت گردی کی اس لہر کا سامنا کر رہا ہے جس کی ڈوریاں براہِ راست کابل اور نئی دہلی سے ہلائی جا رہی ہیں۔ قلات اور ہنگو میں سکیورٹی فورسز کے حالیہ کامیاب آپریشنز نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ ہماری بہادر افواج، پولیس اور دیگر سکیورٹی اداروں کے جوان دن رات اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر وطنِ عزیز کو محفوظ بنانے میں مصروف ہیں۔ ادھر، خاران میں پیش آنے والا افسوس ناک واقعہ اس امر کی دلیل ہے کہ دہشت گرد اب نہتے، غریب اور محنت کش عوام کو بھی نشانہ بنانے سے دریغ نہیں کرتے۔ یہ کوئی نظریاتی جنگ نہیں بلکہ ملک کی معیشت، ترقیاتی منصوبوں اور عوام کے سکون کو تہس نہس کرنے کی سازش ہے۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے جو کچھ برآمد کیا ہے وہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ یہ دہشت گرد تنظیمیں اور گروہ معمولی وسائل پر نہیں بلکہ منظم اور بیرونی مالی و لاجسٹک سرپرستی پر چل رہے ہیں۔

پاکستان کی جانب سے افغان طالبان رجیم کو دو روز قبل واضح وارننگ دی گئی تھی کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکے مگر بدقسمتی سے طالبان حکومت نے اس تنبیہ کو نظر انداز کر دیا۔ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان جیسی بھارتی پراکسیز کو افغانستان کی سرزمین پر تربیت، پناہ اور سہولت کاری کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ یہ صورتحال دو برادر مسلم ممالک کے تعلقات میں دراڑ ڈالنے کے مترادف ہے اور بھارت اس بات کا خوب فائدہ اٹھا رہا ہے اور اپنی پراکسیز کے ذریعے پاکستان کی سلامتی، استحکام اور معاشی ترقی کو نشانہ بنا کر اپنی دیرینہ خواہش پوری کر رہا ہے۔ بھارت نے ہمیشہ پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور دہشت گردی کی سرپرستی کی پالیسی اپنائے رکھی۔ بلوچستان میں علیحدگی پسند عناصر کی مالی و لاجسٹک معاونت کے حوالے سے بھارت کا کردار عالمی سطح پر متعدد بار بے نقاب ہو چکا ہے۔ اب افغان سرزمین کو بھی اسی مذموم مقصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان جیسے گروہ درحقیقت بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کے تربیت یافتہ اور مالی معاونت یافتہ ہتھیار ہیں جنھیں پاکستان کے اندر انتشار پھیلانے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

گزشتہ ایک ہفتے کے دوران بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی متعدد وارداتیں رپورٹ ہوئی ہیں جن میں خاص طور پر سکیورٹی فورسز اور پولیس کے جوانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ سلسلہ محض اتفاقی نہیں بلکہ ایک منظم، مربوط اور بیرونی سرپرستی میں چلنے والی مہم کا حصہ معلوم ہوتا ہے جس کا مقصد پاکستان کو اندرونی طور پر کمزور کرنا اور خطے میں اس کے بڑھتے ہوئے سفارتی و تزویراتی کردار کو نقصان پہنچانا ہے۔ خاص طور پر جس وقت چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت پاکستان بلوچستان میں بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کی جانب گامزن ہے دہشت گردی کی یہ لہر اس امر کی غماز ہے کہ دشمن قوتیں پاکستان کی معاشی ترقی کو کسی صورت برداشت کرنے کو تیار نہیں۔

ایسے نازک موقع پر جبکہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس جاری ہے وزیراعظم کو چاہیے کہ وہ عالمی سطح پر اس مسئلے کو نہایت جرأت اور دلائل کے ساتھ اجاگر کریں۔ محض روایتی بیانات کافی نہیں بلکہ ٹھوس شواہد، ویڈیو فوٹیجز، برآمد شدہ اسلحے اور گرفتار دہشت گردوں کے اعترافی بیانات کی روشنی میں بھارت اور افغان طالبان رجیم کی ملی بھگت کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بین الاقوامی برادری کو یہ باور کرانا ضروری ہے کہ پاکستان کسی داخلی خلفشار کا شکار نہیں بلکہ ایک منظم بیرونی جنگ کا نشانہ بن رہا ہے جس میں ایک ہمسایہ ملک بلاواسطہ اور دوسرا بالواسطہ طور پر ملوث ہے۔ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ محض سفارتی احتجاج یا زبانی وارننگز سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

سیاسی کارکن اور بے رحم سیاست

نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

ملتان میں پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن ایم سلیم راجہ کا کسمپرسی کے عالم میں انتقال ہوا تو مجھے پھر یہ بات یاد آ گئی کہ سیاسی جماعتوں کو مفت میں یہ کارکن میسر آ جاتے ہیں ان کی کمروں پر اپنے اقتدار کا تخت سجانے والے کہاں سے کہاں پہنچ جاتے ہیں مگر وہ وہیں کے وہیں رہتے ہیں اور بالآخر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ایم سلیم راجہ کی قسمت تو پھر بھی اچھی تھی کہ محترمہ بے نظیر بھٹو جب پہلی مرتبہ اقتدار میں آئیں تو انہوں نے اندرون شہر ملتان کے رہنے والے اس نام کے راجہ کو اپنی تجارت کی وزارت کا مشیر برائے وزیراعظم بنا دیا۔ کوئی اختیار تھا اور نہ کوئی حالات بدلنے کا امکان، البتہ اسے جھنڈے والی گاڑی مل گئی تھی۔ وہ اندر سے پکا جیالا تھا۔ ایک عام سے غریب گھرانے کا نوجوان، مگر تھا بہت مخلص اور سچا و کھرا۔ یہ اس کے لئے خوابناک دن تھے۔ اس نے دو چار نئی واسکٹیں سلوائی تھیں اور شلوار قمیض پر انہیں پہن کر زندگی کے اچھے دن گزارنا شروع کئے۔ خوش قسمتی یہ بھی تھی کہ محترمہ بے نظیر بھٹو اسے ذاتی طور پر جانتی اور اہمیت دیتی تھیں۔ یہ دن بہت جلدی گزر گئے اور اس کے بعد سلیم راجہ کو باقی زندگی ان بیتے دنوں کی یاد میں گزارنی پڑی، لیکن پیپلز پارٹی سے وابستگی کا عشق کم نہیں ہوا۔ پارٹی کی ہر تقریب، ہر جدوجہد میں وہ آگے آگے رہتا، مگر اس کی کلاس نہیں بدلی۔ وہ موٹر سائیکل سے بڑی گاڑی تک نہیں آیا۔ چھوٹے گھر سے بڑے تک اس کی کہانی نہیں بدلی۔ وہ اتنا معروف جیالا تھا کہ بلاول بھٹو تک اسے جانتے تھے۔ وہ کئی لانگ مارچوں میں بلاول بھٹو زرداری کی گاڑی پر سوار نظر آیا۔ آصف علی زرداری کے ساتھ اس کی ملاقاتیں ہوتیں اور وہ تصویریں بنوا کر خوش ہو جاتا، انہیں فریم کرا کے اپنے گھر کی بوسیدہ دیواروں پر آویزاں کرتا۔ تعلیم واجبی تھی اس لئے اچھی نوکری حاصل نہیں کر سکا۔ وہ چاہتا تو کوئی اور کام کر کے اپنی زندگی بنا سکتا تھا مگر اسے تو سیاسی کارکن بننے کا جنون ہو گیا تھا۔ ایک ایسا جنون بندے کو اس ملک میں خاک سے اٹھا کر راکھ کے ڈھیر میں تبدیل کر دیتا ہے، خیر وہ کوئی شکوہ نہیں کرتا تھا۔ بھٹو کے نام سے اسے عشق تھا۔ لاڑکانہ میں ہوتا تو شاید اس کے حالات بدل جاتے کہ وہاں سنا ہے جیالوں کو اس طرح بے یار و مددگار نہیں چھوڑا جاتا لیکن وہ تو ملتان میں تھا۔ ملتان میں تو گیلانیوں کا پیپلز پارٹی پر قبضہ ہے۔ وہ جسے چاہیں بنا دیں مگر ایم سلیم راجہ جیسے جیالے تو ان کے فریم میں فٹ نہیں آتے۔ وہ گیلانی ہاؤس بھی جاتا تھا، یوسف رضا گیلانی کے ساتھ تصویریں بھی بنوا لیتا تھا، لیکن بلا کا انا پرست تھا۔ توجہ کی خیرات نہیں مانگتا تھا۔ یہ تو اوپر والوں کو سوچنا چاہیے کہ کسی نے پارٹی کی خاطر زندگی گزار دی، اس کے بچوں کے لئے بھی کچھ کرنا چاہیے، سب کچھ اپنے لئے ہی رکھ لینا ایک ایسی بدعت ہے جس نے ہماری سیاست کو خیر کی بجائے شر کا عمل بنا دیا ہے۔

پھر مجھے چند ہفتے پہلے اس کی تصویر دیکھ کر دھچکا لگا۔ وہ بستر سے لگا ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا لیٹا تھا۔ سماجی تنظیموں کے چند نوجوانوں نے اس کے گھر جا کر عیادت کی تھی۔ میرا خیال تھا کہ پیپلز پارٹی والوں کو شاید اس کی بیماری کی خبر نہیں ہوئی۔ خبر ہوئی ہوتی تو سید یوسف رضا گیلانی کو بتاتے کہ اس وقت پیپلز پارٹی کا سب سے کڑا اور پرانا جیالا بستر مرگ پر ہے اور کچھ نہیں کر سکتے تو جا کے اس کی مزاج پرسی ہی کر آئیں۔ پوچھیں تو سہی بیماری کیا ہے؟ کسی اچھے ہسپتال ہی میں داخل کرا دیں۔ سنا ہے سندھ میں پنجاب سے اچھی طبی سہولتیں موجود ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کو کہہ کر کراچی کے بڑے ہسپتال ہی سے علاج کرا دیں۔ زندگی تو اللہ کے ہاتھ میں ہے تاہم ایم سلیم راجہ کی آنکھوں میں اس وقت جو بے بسی نظر آ رہی ہے وہ تو کم ہو جائے گی مگر میں نے دیکھا کہ پیپلز پارٹی یا گیلانی خاندان کی طرف سے ایسی کوئی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ سینیٹ کی چیئرمین شپ اور چار اسمبلی کی نشستیں ایم سلیم راجہ کے کسی کام نہ آئیں۔ البتہ سماجی تنظیموں کے افراد مسلسل اس کے پاس جاتے رہے، مگر وہ صرف پھول پیش کر کے واپس آ جاتے تھے۔ اخبار اور سوشل میڈیا پر خبر لگ جاتی تھی کہ ایم سلیم راجہ بیمار ہیں ان کے لئے صحت کی دعا کی جائے۔ ایسے وقت جبکہ اسے ہسپتال میں علاج کے لئے ہونا چاہیے تھا وہ گھر کے اندر بے یار و مددگار پڑا زندگی کی سانسیں گن رہا تھا۔ میں ایسی خبر بھی ڈھونڈتا رہا جس میں ایم سلیم راجہ کے لئے کسی مالی امداد کا ذکر ہو۔ جیتے جی بھلا دینا اس کو کہتے ہیں اور یہ سیاسی کارکنوں کا مقدر ہوتا ہے۔ سیاسی جماعت اپوزیشن میں ہو تو کارکنوں کی ویسے ہی شامت آئی رہتی ہے تاہم اقتدار میں ہونے کے باوجود ایک دیرینہ سیاسی کارکن اپنی جماعت کی قیادت کے ایسے سلوک کا شکار ہو جائے تو سیاست کی سفاکی پر غصہ آتا ہے۔

ایم سلیم راجہ تو دنیا سے رخصت ہو گیا ہے مگر اپنے پیچھے وہ ایک بار پھر وہی کہانی چھوڑ گیا جو ہر سیاسی کارکن کی کہانی ہے۔ سیاسی جماعتوں کو زندہ رکھنے والے یہ اہلِ جنوں ہمیشہ بے چارگی، غربت اور لاچاری کی حالت میں مرتے ہیں۔ زندہ رہیں تو گرفتاریاں، قید اور تشدد بھی ان کے حصے میں آتا ہے۔ منزل ہمیشہ انہیں ملتی ہے جو شریک سفر نہیں ہوتے۔ یہ رواج تو اس ملک کی سیاست میں ہے نہیں کہ کارکنوں کو بھی کارکنوں کی حسرت بھری زندگی سے نکل کر آگے آنے کا موقع فراہم کیا جائے، انہیں پارٹی ٹکٹ دیئے جائیں یا سینیٹ کی نشست دے دی جائے، انہوں نے تو بس نعرے ہی لگانے ہوتے ہیں۔ زندہ ہے بھٹو زندہ ہے کا نعرہ نجانے ایم سلیم راجہ نے کتنی بار لگایا ہو گا مگر اس کے لئے تو بھٹو اس وقت مر گیا تھا جب بسترِ مرگ پر وہ لاچار پڑا تھا۔ بس اتنا ہی مقدر لے کر آتے ہیں یہ سیاسی کارکن، جو نہ تنخواہ لیتے ہیں اور نہ مراعات، پلے سے کرایہ لگا کر جماعت کے جلسوں اور ریلیوں میں جاتے ہیں مگر ان کی افادیت سیاسی جماعتوں اور ان پر قابض لوگوں کے نزدیک اہم صرف اس وقت تک ہوتی ہے، جب تک وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں جونہی وہ بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے کارآمد نہیں رہتے انہیں ایم سلیم راجہ کی طرح ویران آنکھوں کے ساتھ مرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ کاش کارکن نام کی یہ مخلوق اس کارِ زیاں سے باز آ جائے۔

بین الاقوامی ثالثی عدالت میں پاکستان کے موقف کی فتح

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستانی قوم نے سندھ طاس معاہدے کے بارے میں بین الاقوامی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا گرمجوشی سے خیر مقدم کیا ہے اور اسے پاکستان کی معاشی بقا، زراعت، قومی سلامتی اور دیرینہ آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ایک بڑی قانونی اور سفارتی فتح قرار دیا ہے۔ عالمی بینک کی زیرِ نگرانی طے پانے والا 1960 کا یہ معاہدہ سندھ طاس کے دریاؤں کے نظام کا احاطہ کرتا ہے اور پاکستان کے لیے بطور زیریں فریق بے حد اہم ہے جس کی زراعت اور کروڑوں لوگوں کا روزگار پانی کے مسلسل اور قابلِ اعتماد بہاؤ پر منحصر ہے۔ عدالت نے اس بات کی توثیق کی ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو معطل، ختم یا التوا میں نہیں ڈال سکتا اور یہ معاہدہ قانوناً نافذ العمل رہے گا۔ عدالت نے بھارتی موقف کو، جو کہ خودمختاری، پاکستان کی طرف سے مبینہ خلاف ورزیوں، دہشت گردی، تبدیل شدہ حالات، مسلح تصادم اور جوابی اقدامات پر مبنی تھا، مکمل طور پر رد کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ان میں سے کوئی بھی وجہ معاہدے کی ذمہ داریوں سے یکطرفہ انحراف کی اجازت نہیں دیتی۔ اس کے بجائے کسی بھی ترمیم یا خاتمے کی بنیاد پاکستان اور بھارت کے درمیان باہمی رضامندی سے طے پانے والا نیا انتظام ہی ہونا چاہیے۔ چنانچہ یہ فیصلہ پاکستان کے آبی حقوق کو مضبوط کرتا ہے، بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور معاہدوں کی پاسداری کی توثیق کرتا ہے اور یہ ثابت کرتا ہے کہ طاقتور ریاستیں بھی پابند بین الاقوامی عہد و پیمان کو نظر انداز نہیں کر سکتیں۔ نتیجے کے طور پر تصادم کی بجائے ثالثی، بات چیت، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل پر پاکستان کے انحصار کو ایک ذمہ دارانہ اور اصولی طرزِ عمل کے طور پر حق بجانب تسلیم کیا گیا ہے۔ عدالت نے دریائے چناب پر بھارت کے رتلے ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹ کے حوالے سے عبوری اقدامات کی بھی منظوری دی ہے، جس کے ڈیزائن اور پانی کی فراہمی پر ممکنہ اثرات کے بارے میں پاکستان نے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ بھارت کو ڈیم کی دیوار کے مخصوص حصوں اور پاور انٹیک سٹرکچر پر مقررہ سطح سے اوپر کنکریٹ کا کام کرنے سے روک دیا گیا ہے اور اسے تعمیراتی جدول میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں رپورٹ پیش کرنا ہوگی، تاکہ شفافیت یقینی بنائی جا سکے اور ایسے اقدامات سے روکا جا سکے جو پاکستان کے حقوق کو متاثر کر سکتے ہیں۔ یہ پابندیاں نیوٹرل ایکسپرٹ کے حتمی فیصلے کے 90 دن بعد تک نافذ العمل رہیں گی، جو جولائی 2027 میں متوقع ہے، جس سے تنازع کے حل کے دوران موجودہ صورتحال برقرار رہے گی۔ یہ نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ معاہدے کا تنازعات کے حل کا نظام بی دائمی سندھ طاس کمیشن سے لے کر نیوٹرل ایکسپرٹ اور کورٹ آف آربیٹریشن تک بی فریقین کے حقوق کا مؤثر تحفظ کر سکتا ہے، جبکہ بھارت عدالت کے احکامات کی تعمیل کا پابند ہے۔ وسیع تر تناظر میں بین الاقوامی قانون پر پاکستان کا دیرینہ اعتماد اور اس بات پر اصرار کہ تنازعات کو معاہدے کے وضع کردہ میکانزم کے ذریعے ہی حل کیا جائے، مکمل طور پر درست ثابت ہوا ہے۔ یہ متفقہ فیصلہ خاص طور پر اس لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ ثالثوں کے درمیان کامل اتفاقِ رائے کی نمائندگی کرتا ہے جس سے اس فیصلے کو تقسیم شدہ یا مبہم ظاہر کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ لہٰذا یہ پاکستان کے نہایت باریک بینی سے تیار کردہ قانونی موقف کی بھرپور تائید، بھارتی موقف کی تردید اور بین الاقوامی قانونی نظام کی ایک بڑی فتح ہے جو اس اصول کو تقویت دیتی ہے کہ معاہدوں کا احترام کیا جانا چاہیے، انہیں یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا اور انہیں بین الاقوامی تنازعات کے حل کے لیے استحکام، پیش گوئی اور پرامن ذرائع فراہم کرنے چاہئیں۔ پاکستان کی قانونی ٹیم، جس میں کچھ بہترین بین الاقوامی وکلاء شامل تھے، نے ملک کے حقوق کے دفاع میں شاندار کام کیا۔ وہ ہر ایک نقطے پر عدالت کو قائل کرنے میں کامیاب رہے اور متفقہ فیصلہ ان کی کامیابی کا حتمی ثبوت ہے۔ پاکستان کے قانونی موقف کی طاقت شروع ہی سے واضح تھی اور عدالت کے فیصلے نے اب اس کی کسی بھی شک و شبہے سے بالاتر ہو کر تصدیق کر دی ہے۔ پاکستان اپنے پانی کے حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی معاہدوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ہر قانونی اور سفارتی فورم پر مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ یہ سفر کا اختتام نہیں ہے؛ یہ ایک طویل سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ پاکستان اپنے مفادات کے دفاع میں بیدار اور متحرک رہے گا۔ وہ پانی سے متعلق اپنے خدشات کے بارے میں اور اپنے قانونی حقوق کے لیے حمایت حاصل کرنے کے لیے بین الاقوامی اداروں اور فورمز کے ساتھ رابطہ قائم رکھے گا۔ پاکستان عالمی بینک کے ساتھ بھی کام جاری رکھے گا، جو سندھ طاس معاہدے کا ضامن ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ معاہدے پر مؤثر طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے اور تمام تنازعات اس کی شقوں کے مطابق حل ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر میں ملک کے سفارتی مشنز اس فتح کو فعال طور پر اجاگر کریں گے اور پاکستان کے پانی کے حقوق کے حق میں بین الاقوامی رائے عامہ کو متحرک کریں گے۔ تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کا عزم اٹل ہے اور وہ اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب قانونی اور سفارتی ذرائع کا استعمال جاری رکھے گا۔ ملک کی قیادت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ واٹر سکیورٹی ایک اعلیٰ ترین ترجیح ہے اور اس کی حفاظت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ حالیہ فیصلے نے پاکستان کو آگے بڑھنے کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کیا ہے اور وہ پانی کے مسائل پر اپنے موقف کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اس پلیٹ فارم کا استعمال کرے گا۔ بھارت کو غیر قانونی کاموں سے گریز کرنا چاہیے، کیونکہ حالیہ فیصلے کا اختتام پاکستان کی جیت اور بھارت کی شکست پر ہوا ہے اور اب بھارت کو اس فیصلے اور بین الاقوامی ضوابط کی پیروی کرنی چاہیے۔ فیصلہ واضح اور غیر مبہم ہے اور بھارت کے لیے اس کی ایسی تشریح کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے جو اس کے مفادات کے مطابق ہو۔ بھارت کو اس فیصلے کو مکمل طور پر قبول کرنا ہوگا اور اس کی تمام شرائط، بشمول عبوری اقدامات، پر عمل کرنا ہوگا۔ بھارت کو کسی بھی ایسے اقدام سے گریز کرنا چاہیے جو معاہدے کو کمزور کر سکے یا پاکستان کے حقوق کو متاثر کر سکے۔ پانی پاکستان کے لیے ایک لائف لائن ہے اور بھارت کو پانی کو پاکستان کے لیے ایک دھمکی کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ واٹر ٹیررازم یا واٹر بلیک میلنگ کی بیان بازی ناقابلِ قبول اور نقصان دہ ہے۔ یہ دشمنی اور عدم اعتماد کا ماحول پیدا کرتی ہے، جو تنازعات کے پرامن حل کے لیے سازگار نہیں ہے۔ بھارت کو یہ سمجھنا چاہیے کہ پاکستان کی واٹر سکیورٹی بقا کا ایک بنیادی مسئلہ ہے اور اس کے لیے کسی بھی خطرے کا جواب پوری پاکستانی قوم کی طرف سے ایک مضبوط اور متحد ردِعمل کے ساتھ دیا جائے گا۔ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کے فریم ورک کے اندر پانی سے متعلق تمام مسائل کو حل کرنے کے لیے تعاون اور خیر سگالی کے جذبے کے ساتھ پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔ یہ معاہدہ تمام اختلافات کو حل کرنے کے لیے ایک مناسب فریم ورک فراہم کرتا ہے اور بھارت کے لیے یکطرفہ اقدامات یا غیر قانونی طریقوں کا سہارا لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بھارت کو یہ بھی تسلیم کرنا چاہیے کہ ایک مستحکم اور خوشحال پاکستان رکھنا اس کے اپنے مفاد میں ہے، کیونکہ علاقائی امن و استحکام کے لیے ایک مستحکم پاکستان ضروری ہے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

صبا قمر کے کام نے میرے فنی سفر پر گہرا اثر ڈالا: اقراء عزیز

لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکارہ اقراء عزیز نے انکشاف کیا ہے کہ معروف اداکارہ صبا قمر کے کام نے میرے فنی سفر پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ اقراء عزیز نے صبا قمر کی جانب سے ملنے والی بھرپور پذیرائی پر ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اقراء عزیز نے صبا قمر کی ایک ویڈیو ری شیئر کی ہے، جس میں صبا قمر ایک تقریب کے دوران اپنی ساتھی اداکارہ کی تعریف کرتی دکھائی دیں اور انہیں غیر معمولی صلاحیتوں کی حامل اداکارہ قرار دیا۔ صبا قمر نے اقراء عزیز کے فن سے وابستگی اور ان کے کام میں نظر آنے والے جذبے اور شدت کو بھی سراہا اور ان کی اداکاری میں موجود لگن اور جذباتی گہرائی کا اعتراف کیا۔ صبا قمر کے الفاظ سے متاثر ہو کر اقراء عزیز نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ایک جذباتی پیغام شیئر کیا، جس میں انہوں نے سینئر اداکارہ کے لیے اپنی بھرپور عقیدت اور احترام کا اظہار کیا ہے۔ اقراء عزیز نے لکھا کہ آپ کو واقعی اندازہ نہیں کہ آپ کے الفاظ میرے لیے کتنی اہمیت رکھتے ہیں، آپ ان بہترین اداکاراؤں میں سے ایک ہیں جنہیں اس ملک کے لوگوں کو دیکھنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے اور میں طویل عرصے سے آپ کو سراہتی آئی ہوں۔ مقبول ڈرامہ سیریل سنو چندا کی اداکارہ نے بتایا کہ میں برسوں سے صبا قمر کے کام کو قریب سے دیکھتی آئی ہوں اور خاص طور پر بالی ووڈ فلم ہندی میڈیم میں ان کی اداکاری کو میں نے کئی بار دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ہندی میڈیم اتنی مرتبہ دیکھی ہے کہ اب گننا بھی ممکن نہیں اور آپ کو دیکھ کر میں نے بہت کچھ سیکھا ہے، اس لیے آپ کی جانب سے یہ الفاظ سننا میرے لیے بے حد خاص اور سچ کہوں تو کچھ غیر حقیقی سا محسوس ہوتا ہے

ایشوریا کالز اور میسجز کا جواب دینے میں بہت وقت لیتی ہیں، ایشویتا بچن

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اسٹار ایشویتا بچن نے خود کو شوبز کی روشنیوں سے زیادہ تر دور ہی رکھا ہے، وہ 7 سال قبل اپنے بھائی ابھشیک بچن کے ساتھ کافی ود کرن میں شریک ہوئی تھیں۔ میزبان اور فلم ساز کرن جوہر نے شویتا سے پوچھا کہ وہ اپنی بھابھی، ایشوریا رائے بچن کی کن باتوں سے محبت کرتی ہیں، کس بات سے نفرت کرتی ہیں اور کس چیز کو برداشت کرتی ہیں۔ شویتا نے زندگی میں بڑی کامیابی حاصل کرنے اور ایک شاندار ماں ہونے پر ایشوریا کی تعریف کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، لیکن انہوں نے ان کی ایک ایسی عادت کا بھی ذکر کیا جو انہیں ناگوار گزرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ان کی اس بات سے سخت چڑ (نفرت) ہے کہ وہ فون کالز اور میسجز کا جواب دینے میں بہت زیادہ وقت لیتی ہیں اور میں ان کی ٹائم مینجمنٹ کو برداشت کرتی ہوں۔ اس گفتگو نے ناظرین کو بچن بہن بھائیوں اور ایشوریا کے درمیان تعلقات کی ایک جھلک دکھائی۔ یہی نہیں، اسی قسط میں ایک ایسا موڑ بھی آیا جب شویتا سے ابھشیک اور ایشوریا میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے کو کہا گیا۔ کرن نے پوچھا کہ بہترین اداکار کون ہے، ابھشیک یا ایشوریا؟ شویتا نے جواب دیا ابھشیک۔ ابھشیک بھی اس وقت ایک مشکل صورتحال میں پھنس گئے جب کرن نے ان سے ان کی زندگی کی دو اہم خواتین کے بارے میں سوال پوچھا۔ انہوں نے ابھشیک سے پوچھا کہ وہ اپنی بیوی سے زیادہ ڈرتے ہیں یا اپنی ماں سے۔ فلم ہیپی نیو ایئر کے اسٹار نے بغیر کسی جھجھک کے جواب دیا: اپنی ماں سے۔ شویتا نے فوری طور پر اختلاف کرتے ہوئے کہا بیوی سے، جس پر ابھشیک نے انہیں ٹوکتے ہوئے کہا یہ میرا ریپڈ فائر ہے، خاموش رہو۔ ابھشیک بچن اور ایشوریا رائے کی شادی 2007 میں ہوئی تھی اور 2011 میں ان کے ہاں بیٹی، آرادھیا بچن کی پیدائش ہوئی۔

رجب بٹ مجھے اور بیٹے کو واپس اپنے گھر لے جائیں: ایمان فاطمہ

لاہور (پی این پی) یوٹیوبر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر رجب بٹ کی سابق اہلیہ ایمان فاطمہ نے بیٹے کیوان سلطان کی سالگرہ میں رجب بٹ کی شرکت پر خوشی اور جذبات کا کھل کر اظہار کیا ہے۔ رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کے درمیان ایک تنازع کے بعد علیحدگی اور طلاق کی خبریں سامنے آئی تھیں، تاہم ایمان فاطمہ کی جانب سے بیٹے کی سالگرہ میں شرکت کی دعوت پر رجب بٹ تقریب میں شریک ہوئے، جس کی ویڈیوز اور تصاویر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بنی رہیں۔ یوٹیوبر کی تقریب میں شرکت پر ایمان فاطمہ نے رجب بٹ سے واپسی کی امید کا اظہار کیا ہے۔ ایمان فاطمہ کا کہنا ہے کہ میں اس بات پر خوش ہوں کہ رجب بٹ اپنے بیٹے کی سالگرہ منانے کے لیے آئے۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ رجب بٹ مجھے اور اپنے بیٹے کو بھی واپس اپنے گھر لے جائیں، دونوں کے درمیان مکمل صلح ہو جائے۔ ایمان فاطمہ کے بیان کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف ردِعمل سامنے آیا ہے۔ بعض صارفین نے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے، جبکہ کچھ صارفین نے ان کے بیان پر تنقید بھی کی۔

اے آئی سے بنا جعلی مواد خواتین کی عزت خطرے میں ڈال سکتا ہے: جنت مرزا

لاہور (پی این پی) پاکستان کی معروف ٹک ٹاکر جنت مرزا نے اپنی مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے تیار کردہ ایک ویڈیو کے خلاف آواز اٹھاتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس نوعیت کا مواد خواتین کی عزت اور وقار کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے ٹک ٹاکر نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی کی اجازت کے بغیر اس طرح کا مواد تیار کرنے کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جنت مرزا کی ایک اے آئی سے تیار کردہ ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، جس کے خلاف آواز اٹھاتے ہوئے انہوں نے خبردار بھی کر دیا۔ ویڈیو میں جنت مرزا کو ایک نامعلوم شخص کے ساتھ دکھایا گیا ہے، جبکہ پسِ منظر میں گانا 'اچھی لگتی ہو' چل رہا ہے، جنت مرزا نے انسٹاگرام اسٹوریز پر اس ویڈیو پر اپنے ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ مجھے اس میں کوئی مزاح نظر نہیں آیا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ یہ ویڈیو بالکل بھی مزاحیہ نہیں ہے، کسی کے چہرے کو استعمال کر کے اس طرح کی ویڈیوز بنانا انتہائی تشویش ناک ہے، آج میرا چہرہ استعمال کیا گیا ہے لیکن کل کسی بھی لڑکی کا چہرہ استعمال ہو سکتا ہے اور اس کی عزت و وقار خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ جنت مرزا نے کہا ہے کہ میں سوشل میڈیا پر فعال رہتی ہوں، اس کے باوجود یہ ویڈیو دیکھ کر مجھے شدید بے چینی محسوس ہوئی، ان لڑکیوں کا تصور کریں جو سوشل میڈیا پر بالکل موجود نہیں، ان کی تصاویر بھی ایسے طریقوں سے غلط استعمال کی جا سکتی ہیں جن کے بارے میں انہیں شاید کبھی علم ہی نہ ہو۔ ٹک ٹاکر نے مصنوعی ذہانت کو ایک ٹیکنالوجی کے طور پر مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے حقیقی لوگوں کے بارے میں گمراہ کن یا نامناسب مواد تیار کرنے کے لیے استعمال کرنا حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے جس پر ذمے دار افراد کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ واضح رہے کہ جنت مرزا نے ٹک ٹاک کے ذریعے مقبولیت حاصل کی، جہاں ان کے 2 کروڑ 50 لاکھ سے زائد فالوورز ہیں، جس کے ساتھ ہی وہ ٹک ٹاک پر پاکستان کی سب سے زیادہ فالو کی جانے والی شخصیات میں شامل ہوئیں، انسٹاگرام پر بھی ان کے فالوورز کی تعداد تقریباً 60 لاکھ ہے۔ مسلم لیگ ن کی رکنِ پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ نے اداکارہ و سوشل میڈیا شخصیت جنت مرزا کی جانب سے اجاگر کیے گئے مسئلے پر ردِعمل کا اظہار کر دیا۔

بقیہ نمبر 1

ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہماری سیاست فلاح کی سیاست ہے۔ ہم کریں گے ہوگا کہ نعرے نہیں بلکہ عمل کر کے سیاسی میدان میں آئے ہیں۔ ہمارے کام بولتے ہیں ہم وعدے نہیں عمل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم راولپنڈی اسلام آباد میں بالخصوص بلدیاتی سطح پر اپنے کونسلر صاحبان کو کھڑا کریں گے اور انہیں بااثر بنانے کے لیے پالیسی دیں گے۔

بقیہ نمبر 2

مشترکہ فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے محمد قاسم عرف کاشو اور محمد طارق کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے عمر قید کی سزائیں کالعدم قرار دے دیں۔ فیصلے کے مطابق ملزمان کے خلاف تھانہ صدر دنیاپور، ضلع لودھراں میں عمر فاروق نامی نوجوان کے قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ایڈیشنل سیشن جج دنیاپور نے 21 دسمبر 2020 کو دونوں ملزمان کو عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف الزام شک وشبہ سے بالاتر ہو کر ثابت کرنے میں ناکام رہا اور مقدمے میں شواہد کی کڑی مکمل نہیں۔ فیصلے میں ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر کا بھی جائزہ لیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ جائے وقوعہ اور تھانے کے درمیان فاصلہ تقریباً نو میل ہونے کے باوجود مقدمہ درج کرنے میں غیر معمولی تاخیر ہوئی جبکہ تاخیر کی دی گئی وضاحت بھی اطمینان بخش نہیں تھی۔ عدالت کے مطابق اس تاخیر سے استغاثہ کے مقدمے پر شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ مقتول کے والدین وقوعہ کے عینی شاہد نہیں تھے بلکہ ان کی شہادت حالات وواقعات پر مبنی تھی، کال ڈیٹا ریکارڈ کی بنیاد پر ملزم سے مبینہ اعتراف کے حوالے سے بھی عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کیا گیا طرز عمل قدرتی انسانی رویے سے مطابقت نہیں رکھتا۔ عدالت نے مشترکہ نشاندہی پر لاش کی برآمدگی کو بھی ناقابل قبول شہادت قرار دیا۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے عدالت نے کہا کہ برآمد ہونے والی لاش مکمل طور پر گل سڑ چکی تھی اور شناخت کے قابل نہیں تھی۔ میڈیکل آفیسر نے جرح کے دوران بتایا کہ لاش کی حالت انتہائی خراب ہونے کے باعث موت کی وجہ بھی متعین نہیں کی جا سکی۔ عدالت کے مطابق ریکارڈ پر ایسا کوئی قابل اعتماد ثبوت موجود نہیں جس سے ثابت ہو کہ برآمد شدہ لاش مقتول عمر فاروق ہی کی تھی، جبکہ ڈی این اے رپورٹ یا تجزیہ بھی ریکارڈ پر پیش نہیں کیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ فوجداری مقدمے میں اگر کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو کسی سمجھدار شخص کے ذہن میں ملزم کے جرم کے حوالے سے معقول شک پیدا کرے تو ملزم شک کے فائدے کا حقدار ہوتا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ موجودہ مقدمے میں استغاثہ شواہد کی مکمل اور ناقابل تردید کڑی پیش کرنے میں ناکام رہا، اس لیے محمد قاسم عرف کاشو اور محمد طارق کو سزا نہیں دی جا سکتی۔ عدالت نے دونوں ملزمان کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے 21 دسمبر 2020 کا ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور دونوں کو بری کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

بقیہ نمبر 3

آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے باعث شپنگ کمپنیز نے گڈز ٹرانسپورٹ کو کنٹینرز کی ترسیل بند کر دی اور کنٹینرز گراؤنڈ کر دیے

بقیہ نمبر 4

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل اور انہیں بروقت ریلیف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو ان کے فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری اپنے مسائل کے حل کے لیے "آئی جی پی شکایت سیل 1715-" پر بھی اپنی شکایات اور مسائل درج کروا سکتے ہیں۔ اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کیے ہیں، جبکہ اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں۔ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے۔ اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کیے جائیں گے۔ شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے

بقیہ نمبر 5

ترقی اور فلاحی منصوبوں پر مؤثر حکمت عملی کے تحت کام جاری ہے، محترمہ مریم نواز کے ویژن و تجربہ کو بروئے کار لا کر خوشحالی کا انقلاب لائیں گے، پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کے معیار زندگی میں بہتری، بنیادی حقوق کی فراہمی اور خطے کی بلاتخصیص خدمت کے عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کی قیادت میں حکومت مؤثر منصوبہ بندی کے تحت ریاست میں ترقی وخوشحالی کے عمل کو تیز کرے گی۔ ہمارا جینا مرنا عوام کے ساتھ ہے، عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقی کے منصوبوں کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور صحت، تعلیم، روزگار اور بنیادی سہولیات کے شعبوں میں مزید اقدامات کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ محترمہ مریم اورنگزیب نے کہا کہ عام آدمی کو بااختیار بنانا اور اسے اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ قائد مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن اور برق رفتار ترقی کے حامل تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر کی قیادت میں ایک ٹیم کی حیثیت سے ریاست کی تعمیر و ترقی کے لیے کام کیا جائے گا۔ مضبوط انفراسٹرکچر برق رفتار ترقی کے لیے بنیادی ضرورت ہے، اس لیے بنیادی ڈھانچے کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ محترمہ مریم اورنگزیب نے کہا کہ فلاح وترقی کے منصوبوں کی کامیابی کے لیے واضح ترجیحات، مؤثر منصوبہ بندی اور جامع حکمت عملی ناگزیر ہے۔ منصوبوں کو عوامی ضروریات اور دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی شکل دی جائے گی تاکہ سرکاری وسائل کو زیادہ سے زیادہ عوامی مفاد میں بروئے کار لایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی وسائل امانت ہیں اور وزیراعظم آزاد کشمیر کی قیادت میں ایک ٹیم بن کر ان وسائل کے شفاف، ذمہ دارانہ اور مؤثر استعمال کے ذریعے آزاد کشمیر میں ترقی وخوشحالی کے عمل کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 6

وجوہات میں غیر صحت بخش خوراک کا استعمال شامل ہے، جبکہ الٹرا پروسیسڈ مصنوعات کا وسیع پیمانے پر استعمال اس مسئلے کی سب سے بڑی وجوہات میں سے ایک ہے، پاکستان میں 41 فیصد سے زائد بالغ افراد زائد وزن یا موٹاپے کا شکار ہیں جبکہ 3 کروڑ 30 لاکھ سے زائد افراد ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہیں، پاکستان میں غیر متعدی بیماریوں میں تشویشناک حد تک اضافہ مستقبل قریب میں ملک کے نظام صحت کے لیے ایٹم بم ثابت ہو سکتا ہے، عوامی صحت کے تحفظ کے لیے نوجوانوں کو بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام رفاہ یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس میں غیر متعدی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے خطرے کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہونے والی وسیع تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ واضح اور آسانی سے سمجھ آنے والے وارننگ لیبلز صارفین کو ایسی مصنوعات کی نشاندہی میں مدد دیتے ہیں جن میں چینی، نمک، غیر صحت بخش چکنائی اور کیلوریز کی مقدار زیادہ ہوتی ہے، اس موقع پر پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے جنرل سیکرٹری ثناء اللہ گھمن نے کہا کہ نوجوان قوم کا مستقبل ہیں اور وہ عوامی صحت کے تحفظ اور صحت مند طرز زندگی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ثناء اللہ گھمن نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ غیر صحت بخش غذائی مصنوعات پر لازمی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے نفاذ کے لیے پناہ کی کوششوں کا ساتھ دیں، واضح وارننگ لیبلز صارفین کو ایسی مصنوعات کی نشاندہی میں مدد دے سکتے ہیں جن میں چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائی کی مقدار زیادہ ہو، اور اس طرح صارفین باخبر اور بہتر انتخاب کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چلی، میکسیکو، ارجنٹائن، پیرو اور یوراگوئے سمیت متعدد ممالک میں پیکجنگ کے اگلے حصے پر لازمی وارننگ لیبلز کا نظام متعارف کرایا جا چکا ہے۔ شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایسی پالیسیاں صارفین کے خریداری کے رویے پر اثر انداز ہو سکتی ہیں اور مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں کو اپنی مصنوعات کی ترکیب میں بہتری اور اصلاح کی ترغیب دے سکتی ہیں۔ انہوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ ڈیجیٹل اور دیگر مواصلاتی پلیٹ فارمز کے ذریعے لوگوں کو صحت مند غذا کے استعمال کے بارے میں آگاہ کریں اور ایک صحت مند پاکستان کے لیے اجتماعی اقدامات کی حوصلہ افزائی کریں

بقیہ نمبر 7

کی کوشش کر رہے تھے۔ حراست میں لیے گئے افغان باشندوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سرحدی علاقوں میں انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل وحرکت کی روک تھام کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیکیورٹی فورسز قانون کی عملداری یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 8

رہائشیوں اور قبرستان کمیٹی کے ارکان نے شدید احتجاج کیا۔ مذکورہ قبرستان تقریباً ایک صدی سے موجود تھا اور کئی دہائیوں پرانا تاریخی ریکارڈ اس کے قبرستان ہونے کی تصدیق کرتا ہے۔ قبرستان کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ انہوں نے اراضی اور اس کی حیثیت سے متعلق دستاویزات حکام کے پاس جمع کرائی تھیں، تاہم ان کے اعتراضات کے باوجود مسماری کی کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران قبروں اور چار دیواری کے ڈھانچوں کو مسمار کرنے کے لیے بلڈوزر استعمال کیے گئے۔ اس موقع پر پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی۔ قبرستان کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ اراضی قانونی طور پر خریدی گئی تھی اور اس کے ارکان کے پاس قبرستان کی ملکیت اور حیثیت سے متعلق دستاویزات موجود ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ معاملہ متنازعہ ہونے کے باوجود مسماری کا فیصلہ کیوں کیا گیا۔ اس واقعے نے مقامی رہائشیوں میں قدیم قبرستانوں کے تحفظ اور مذہبی یا اجتماعی املاک کو مسمار کرنے سے قبل اختیار کیے جانے والے طریقہ کار کے حوالے سے تشویش پیدا کر دی ہے۔ قبرستان کمیٹی نے کہا ہے کہ وہ متعلقہ عدالتوں میں اپنی قانونی جنگ جاری رکھے گی اور قبرستان کی باقی ماندہ اراضی کے تحفظ کے لیے قانونی اقدامات کرے گی۔ کے ایم ایس کی رپورٹ کے مطابق بی جے پی کے زیر اقتدار ریاستوں میں مسلمانوں کی املاک اور مذہبی مقامات کو جن میں مساجد، مزارات، زیارات، تعلیمی ادارے، قبرستان اور رہائشی املاک شامل ہیں، مسمار کرنے یا قبضے میں لینے کے لیے نشانہ بنایا جاتا رہا ہے۔ یہ اقدامات مسلم برادری کو سماجی اور معاشی طور پر کمزور کرنے کی وسیع تر مہم کا حصہ ہیں۔ بی جے پی اور راشٹریہ سوائم سیوک سنگھ کے بھارت میں ہندوتوا نظریے پر مبنی اقدامات اقلیتوں کو متاثر کر رہے ہیں، لہٰذا ان ظالمانہ اور فرقہ وارانہ کارروائیوں سے اقلیتوں کی شناخت اور حیثیت کے تحفظ کے لیے عالمی برادری کی توجہ ضروری ہے

بقیہ نمبر 9

ہو رہے ہیں۔ ہائی کمشنر نے یہ بات پاکستان ہائی کمیشن لندن میں اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے معروف کاروباری شخصیت J7 گروپ کے چیئرمین متھول حسین اعوان سے ملاقات کے بعد کہا۔ اس موقع پر سید عزادار حسین کاظمی اور چوہدری دلپذیر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 10

نے مخدوم غلام ربانی کے والدین کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروفیسر مفتی عبدالمنان چشتی نے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیک اولاد والدین کے دنیا سے کوچ کر جانے کے بعد ان کی یاد میں قرآن پاک پڑھ کر اللہ کی بارگاہ میں ان کی بخشش کے لیے دعا کرتی ہے، تاکہ اللہ کریم اپنی پاک کتاب کے صدقے ان کے والدین کی آخرت کی منزلیں آسان فرمائے۔ محفل پاک کی نگرانی صاحبزادہ حاجی سید انوار حسین شاہ ہمدانی نے فرمائی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز قاری رحمت اللہ نعیمی نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ خصوصی ہدیہ نعت عالمی شہرت یافتہ نعت خواں سید نوید حسین شاہ کاظمی، عبداللہ الطاف نقشبندی، و دیگر نے پیش کیا۔ وقاص سجاد چشتی نے ناظم سٹیج کے فرائض سرانجام دیے۔ اس موقع پر الحاج چوہدری محمد الیاس سابق ناظم۔ سابق صدر پریس کلب اڈیالہ محمد بشیر راجہ، راجہ بشارت، ملک ناظم، ملک یاسر شبیر، راجہ امجد، عبدالقدیر کھوکھر، چوہدری محمد اقبال کے علاوہ معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت فرمائی۔ محفل پاک کا اختتام درود وسلام کے ساتھ ہوا۔ پروفیسر مفتی عبدالمنان چشتی نے مخدوم غلام ربانی کے والدین اور دیگر مرحومین لواحقین کیلئے دعا مغفرت اور درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا اور ملک وقوم کی سلامتی امن وامان کی خصوصی دعا فرمائی

بقیہ نمبر 11

عزم کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایف او سردار اکرم نے کہا کہ وزیر جنگلات کی ہدایت پر مختلف جنگلوں میں چھاپے مارتے ہوئے سینکڑوں مکعب فٹ لکڑی اور متعدد آراء مشینیں چیسنہ جات ضبط کر کے سیل ڈپو، آٹھمقام منتقل کر دیں

بقیہ نمبر 12

زلزلے سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ گزشتہ روز بھی اسلام آباد اور پشاور سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلہ شام 4 بج کر 30 منٹ پر آیا، جس کی شدت 9.4 ریکارڈ کی گئی

بقیہ نمبر 13

وزیر حکومت وممبر اسمبلی اور امیدوار اسمبلی ٹکیال پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نے موقف الزام لگایا کہ عمیر نعیم نے سرکاری ملازمین کو استعمال کرتے ہوئے دھاندلی اور دھاندلی سے آئے ہیں

بقیہ نمبر 14

، جن میں امن، قومی یکجہتی، سماجی ہم آہنگی، لیونگ ڈویلپمنٹ اور مثبت تعمیری روابط کے فروغ پر توجہ شامل ہوگی۔ ڈاکٹر نصرت لغاری قیادت، اسٹریٹجک پلاننگ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، خواتین کو بااختیار بنانے، اوورسیز پاکستانیوں سے روابط اور سماجی و فلاحی خدمات کے شعبوں میں تجربہ رکھتی ہیں۔ پاکستان اور امریکہ میں ان کی سرگرمیوں میں خواتین، نوجوانوں، تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور کمیونٹی ویلفیئر سے متعلق مختلف اقدامات شامل رہے ہیں۔ اپنی نامزدگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر نصرت لغاری نے کہا: "مجھے دی گئی اس اہم ذمہ داری اور اعتماد پر میں شکر گزار ہوں۔ میری کوشش ہوگی کہ پلاننگ اور ڈویلپمنٹ کے شعبے میں اپنے تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان میں امن، اتحاد اور پائیدار کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے لیے مؤثر اور بامقصد اقدامات میں اپنا کردار ادا کروں۔" تقرری کا نوٹیفکیشن نیشنل پیس کونسل آف پاکستان کے سیکرٹری ایڈمن کی جانب سے جاری کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 15

کی تعمیر کرنی ہوگی۔" یہ بات اسلامی جمہوریہ ایران کے سابق وزیر خارجہ جناب ڈاکٹر جواد ظریف نے انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں منعقدہ ایک گول میز مباحثہ کے دوران کہی، جس کا اہتمام اس کے سینٹر فار افغانستان، مڈل ایسٹ اینڈ افریقہ نے ڈسٹنگوئشڈ لیکچر سیریز کے تحت کیا تھا۔ ڈاکٹر جواد ظریف ایک تجربہ کار ایرانی سفارت کار، اسکالر اور ماہر تعلیم ہیں جو علاقائی اور بین الاقوامی اہم امور پر ایران کی سفارتی مصروفیات سے قریبی طور پر وابستہ رہے ہیں۔ انہوں نے 2013 سے 2021 تک ایران کے وزیر خارجہ کے طور پر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے ان مذاکرات میں بھی مرکزی کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں 2015 کا جوائنٹ کمپری ہینسو پلان آف ایکشن (جے سی پی او اے) طے پایا، اور انہیں کثیرالجہتی سفارت کاری اور بین الاقوامی مذاکرات میں ان کے کردار کے لیے بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر ظریف نے کہا کہ ابھرتا ہوا پوسٹ پولر عالمی نظام علاقائی ریاستوں کے لیے چیلنجز اور مواقع دونوں لے کر آیا ہے اور انہوں نے خطرے پر مبنی سیکیورٹی پیراڈائم سے امکانات پر مبنی نقطہ نظر کی طرف جانے کی ضرورت پر زور دیا جو علاقائی ملکیت، مکالمے، تعاون اور مشترکہ خوشحالی پر مبنی ہو۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مرکزی سوال صرف یہ نہیں ہے کہ عالمی برادری کس قسم کی دنیا میں داخل ہو رہی ہے، بلکہ یہ بھی ہے کہ وہ کس قسم کا مستقبل بنانے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ مستقبل کوئی مکمل منزل نہیں ہے بلکہ یہ بیانیوں، اداروں، نیٹ ورکس اور معاشروں کے انتخاب کے ذریعے بن رہا ہے۔ خطے کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈاکٹر ظریف نے کہا کہ مغربی ایشیا نے نوآبادیات، تقسیم، فرقہ واریت، قبضے، جارحیت، بیرونی حمایت یافتہ تنازعات، دہشت گردی، پابندیوں اور بار بار فوجی جارحیت کا سامنا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں غلط اندازوں، اخراج، تسلط اور سیکیورٹی کو آؤٹ سورس کرنے کے نتائج کے بارے میں اہم اسباق موجود ہیں۔ تاہم، انہوں نے خبردار کیا کہ تاریخ ایک قید خانہ بن سکتی ہے جب معاشرے ماضی کے تنازعات اور شکایات کی یادوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ اس لیے معاشروں کو ماضی کا ایمانداری سے سامنا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ان امکانات کو بحال کیا جا سکے جنہیں ماضی نے دبا دیا تھا۔ بین الاقوامی نظام پر بات کرتے ہوئے ڈاکٹر ظریف نے موجودہ ماحول کو پوسٹ پولر دنیا قرار دیا، جس میں طاقت خطوں، معاشروں، منڈیوں، ٹیکنالوجیز، نیٹ ورکس اور عوامی بیانیوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ کوئی ایک ریاست ہر بڑے نتیجے کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی، جبکہ درمیانی طاقتوں اور علاقائی ریاستوں نے زیادہ اسٹریٹجک خودمختاری حاصل کر لی ہے۔ مستقل اتحاد اور وفاداریاں ختم ہو رہی ہیں اور ان کی جگہ ایشو بیسڈ اتحاد اور نیٹ ورک تعلقات لے رہے ہیں، جبکہ معاشی باہمی انحصار، ٹیکنالوجی، معلومات اور غیر ریاستی عناصر تیزی سے سیکیورٹی اور سیاسی نتائج پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹر ظریف نے کہا کہ اس ماحول میں ایک نئے علاقائی سیاسی تخیل کی ضرورت ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ سیکیورٹی کو زیادہ جامع ہونا چاہیے کیونکہ ایک ملک دوسرے کے لیے عدم تحفظ پیدا کر کے دیرپا سیکیورٹی حاصل نہیں کر سکتا۔ انہوں نے ایک دوسرے کے "خلاف" سیکیورٹی سے نکل کر ایک دوسرے کے "ساتھ" سیکیورٹی کی طرف بڑھنے کا مطالبہ کیا۔ ڈاکٹر ظریف نے اپنی پہل، مسلم ویسٹ ایشیا ڈائیلاگ ایسوسی ایشن کے بارے میں تفصیل سے بات کی، جو مکالمے، ثقافتی تعلقات، اقتصادی تعاون اور بالآخر علاقائی عدم جارحیت کے فریم ورک کے ذریعے دشمنی کی جگہ دوستی کو فروغ دینے کا ایک فریم ورک ہے۔ اس تناظر میں، ڈاکٹر ظریف نے مغربی ایشیا، جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا کے درمیان ایک اہم پل کے طور پر پاکستان کے کردار پر زور دیا، اور کہا کہ وسیع تر مسلم ویسٹ ایشیا ڈائیلاگ ایسوسی ایشن فریم ورک میں خلیج فارس کے ساحلی ممالک کے ساتھ ساتھ پاکستان، ترکیہ اور مصر کی شرکت کا تصور بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ویسٹ ایشیا ڈائیلاگ ایسوسی ایشن کو ایک مکمل یا جامد انتظام کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے، بلکہ ایک ادارہ جاتی امکان کے طور پر دیکھا جانا چاہیے جو شریک ریاستوں کی ضروریات کے مطابق ارتقا پذیر ہو سکتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان مکالمے کو آسان بنانے میں پاکستان کے کردار کے بارے میں بات کرتے ہوئے، ڈاکٹر ظریف نے سفارت کاری اور کشیدگی میں کمی کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کی مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے دونوں فریقوں کو مذاکرات کی میز پر لانے میں پاکستان کے تعمیری کردار کو تسلیم کیا اور کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) نے مکالمے اور اختلافات کے پرامن حل کے لیے ایک اہم فریم ورک فراہم کیا ہے۔ انہوں نے پیچیدہ علاقائی حرکیات کو سنبھالنے میں پاکستان کے سفارتی تجربے کو ایک اثاثہ قرار دیا۔ اپنے خطاب کے اختتام پر، ڈاکٹر ظریف نے کہا کہ ماضی نے ثابت کیا ہے کہ فوجی برتری خود سیاسی جواز پیدا نہیں کرتی، پابندیاں اور جبر استحکام پیدا نہیں کرتے، اور بیرونی ضمانتیں علاقائی انتظامات کا متبادل نہیں بن سکتیں۔ انہوں نے تاریخ سے سیکھنے کا مطالبہ کیا بغیر اسے مستقبل پر مسلط کرنے کی اجازت دیے۔ انہوں نے ایک ایسے مستقبل کا مطالبہ کیا جس میں جغرافیہ کوئی سزا نہ ہو، تاریخ کوئی قید خانہ نہ ہو اور اختلافات کو مستقل تنازعہ کے جواز کے طور پر استعمال نہ کیا جائے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ کام صرف یہ پیش گوئی کرنا نہیں ہے کہ آگے کیا ہوگا، بلکہ یہ تعمیر کرنا ہے کہ آگے کیا ہونا چاہیے۔ اس نشست میں پاکستان کے سابق وزرائے خارجہ، سیکرٹریز خارجہ، سفیروں، سینئر سول اور عسکری حکام، ممتاز ماہرین تعلیم اور سیکیورٹی تجزیہ کاروں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 16

اندھا کنواں جس میں قومی خزانہ غرق ہو رہا ہے، اس کا خاتمہ، جماعت اسلامی کا اٹل دوٹوک فیصلہ ہے۔ پیداواری لاگت کم ہوگی، عوام پر ناجائز حکومتی مالی بوجھ کا سدباب ہوگا تو قومی معاشی پہیہ چلے گا۔ زراعت، صنعت، تجارت، گھریلو صنعت ترقی کرے گی، قومی محصولات کی جائز وصولی ہوگی اور عوام حکومتی ریاستی ڈاکہ زنی سے محفوظ ہوں گے۔ حکمران تو کہتے ہیں کہ ٹیکس چوری ہے، ٹیکس کی مکمل وصولی نہیں، اس کے ذمہ دار سرکاری محکمے ہیں، وفاقی اور صوبائی محکمے خود ٹیکس دہندگان کو کرپشن کے جال میں پھنساتے ہیں، چوری، کرپشن، رشوت کا پیسہ لے کر وفاقی اور صوبائی خزانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ جاتا ہے۔ حکومت نے پیٹرول کے ریلیف پیکج کے نام پر مشکل ترین کام میں الجھا کر صارفین کو مزید پریشان کر دیا ہے۔ جماعت اسلامی کا پیٹرولیم لیوی خاتمہ کا مطالبہ اور متبادل تجاویز قومی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کا لائحہ عمل ہے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف، جماعت اسلامی کے احتجاج، لانگ مارچ اور عوامی جذبات کو حکومتی فیصلہ کے لیے طاقت بنائیں، ڈانواں ڈول حکومت کو استحکام آئے گا اور قومی معیشت ناقابل برداشت پیداواری لاگت سے نجات پائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا پٹرولیم لیوی بھتہ خاتمہ کے لیے احتجاج پرامن سیاسی، جمہوری، آئینی جدوجہد ہے، یہ طویل جدوجہد ہے، اگر نظریاتی اور دھن کا مشن کرنا ہو تو یہ راستہ بہت آسان نہیں ہے؛ صبر، استقامت اور مشقت سے عوامی ریلیف کی جدوجہد زیادہ مشکل امر ہے۔ جماعت اسلامی احتجاج کو ہر قیمت پر پرامن رکھے گی؛ احتجاج کو پرتشدد بنانے کی حکومتی اور ریاستی اداروں کی ٹکراؤ کی پالیسی کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ جماعت اسلامی پی ٹی آئی احتجاج سے ٹکراؤ کے حکومتی وزراء اور انتظامیہ کے شیطانی حربے کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔ پٹرولیم لیوی بھتہ ختم کرنے، آئی پی پیز کے اندھے اخراجات کے بوجھ کے خاتمے کی جدوجہد بہرصورت جاری رہے گی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دانش مندی، قومی جذبہ اور پرامن سیاسی، جمہوری مزاحمت کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں۔ ملتان سے لاہور، لاہور سے اسلام آباد، خیبر پختونخوا سے اسلام آباد سپر لانگ مارچ کی اہم اپنی حکمت عملی اپنائیں گے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے قائدین جماعت سے وسیع تر مشاورت کے بعد سپر لانگ مارچ کو فی الوقت وزیراعظم سے ملاقات تک مؤخر کر دیا ہے، سپر لانگ مارچ کا ملتان میں پڑاؤ اور رہے گا

بقیہ نمبر 17

چوہدری نے پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے وفد سے ملاقات کی، جس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور الائنس کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ ملاقات میں گڈز ٹرانسپورٹ سے متعلق امور، کنٹینرز کی دستیابی اور تاجروں و ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ ادویات، اشیائے خورد و نوش اور دیگر فوری خراب ہونے والی اشیاء سے لدے کنٹینرز کو بلاتاخیر ان کے مالکان کے حوالے کیا جائے، تاکہ شہریوں اور کاروباری طبقے کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیے جانے والے کنٹینرز کے مالکان کو ان کا مناسب کرایہ بھی ادا کیا جائے گا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش جائز مسائل کا بروقت حل اور انہیں سہولت فراہم کرنا اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ متعلقہ افسران اس سلسلے میں ضروری اقدامات یقینی بنائیں۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے تھانہ نیلور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی و تزئین و آرائش کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانے کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور دیگر انتظامات کے حوالے سے بریفنگ لی۔ آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ تمام تعمیراتی کام مقررہ معیار اور طے شدہ مدت کے مطابق جلد مکمل کیے جائیں اور تعمیراتی مراحل کے دوران معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے تھانے میں شہریوں کے لیے بہتر سہولیات، مناسب انتظار گاہ، صفائی ستھرائی اور خوشگوار ماحول یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ پولیس افسران و اہلکاروں کے لیے بھی ضروری سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اسٹیشنز کو شہریوں کے لیے مزید بہتر، محفوظ اور سہولت بخش بنایا جا رہا ہے تاکہ انہیں پولیس خدمات کے حصول میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ نمبر 18

گئے۔ اڈیالہ گاؤں میں گزشتہ چند روز سے جاری دو متحارب گروپوں کے درمیان کشیدگی بالآخر صلح میں تبدیل ہو گئی۔ چیئرمین گروپ اور چوہدری گروپ کے درمیان دربار عالیہ ولی اللہ سید سردار باوا غازی امام نون سرکار رحمۃ اللہ علیہ پر باقاعدہ صلح ہو گئی، جس کے بعد دونوں فریقین نے ایک دوسرے کو گلے لگا کر سابقہ رنجشیں ختم کرنے کا عملی مظاہرہ کیا۔ معروف سیاسی شخصیت اور سابق چیئرمین یونین کونسل اڈیالہ راجہ ارشد محمود اور اڈیالہ گاؤں کے چوہدری گروپ، جس میں چوہدری فراست علی، چوہدری ممتاز ربانی سمیت دیگر افراد شامل ہیں، کے درمیان شدید نوعیت کا تنازع پیدا ہو گیا تھا۔ واقعے کے بعد تھانہ صدر بیرونی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دونوں گروپوں کے اہم افراد کو حراست میں لے لیا، جس سے علاقے میں پیدا ہونے والی کشیدگی کو قابو کرنے کی کوشش کی گئی۔ بعد ازاں عدالت میں ہونے والی ابتدائی صلح کے نتیجے میں فریقین کے درمیان معاملہ طے کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم اس کے باوجود مقامی سطح پر دونوں گروپوں کے درمیان کشیدگی اور تلخی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی تھی اور صورتحال بدستور حساس رہی۔ اسی تناظر میں گزشتہ روز دونوں فریقین کے درمیان دربار عالیہ ولی اللہ سید سردار باوا غازی امام نون سرکار رحمۃ اللہ علیہ پر اہم ملاقات ہوئی، جہاں باہمی گفت وشنید کے بعد دونوں گروپوں کے درمیان مکمل صلح ہو گئی۔ اس موقع پر دربار عالیہ کے سجادہ نشین پیر باوا سید ثاقب حسین کاظمی نے دونوں فریقین کو باہمی اختلافات ختم کر کے امن، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دینے کی تلقین کی۔ ان کی ہدایت اور موجودگی میں دونوں جانب کے افراد نے ایک دوسرے کو گلے لگایا اور سابقہ رنجشوں کو ختم کرنے کا عملی مظاہرہ کیا۔ دونوں گروپوں کا ایک دوسرے کو گلے لگا کر صلح کرنا علاقے میں امن و بھائی چارے کے فروغ کے لیے ایک مثبت پیغام ہے

بقیہ نمبر 19

اور جنرل سیکرٹریز کا باقاعدہ اجلاس طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں اساتذہ یونینز کے انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے مشاورت کی جائے گی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ اس موقع پر ایس ایس ٹی ویلفیئر کے صدر ذوالفقار اور سرپرست اعلیٰ ضلع چارسدہ سلیم درانی بھی موجود تھے۔ انہوں نے بھی اس کی حمایت کی۔ پیش رفت اساتذہ برادری کے لیے یقیناً ایک خوش آئند اور اہم امر ہے۔ اگر انتخابات کا انعقاد ہوتا ہے تو اساتذہ کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کا موقع ملے گا، جس سے اساتذہ کی مؤثر نمائندگی اور ان کے جائز مسائل کو متعلقہ فورمز تک منظم انداز میں پہنچانے کے عمل کو مزید تقویت مل سکتی ہے۔ آل ٹیچرز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا اس مثبت پیش رفت کا خیر مقدم کرتی ہے اور امید رکھتی ہے کہ باہمی مشاورت، جمہوری عمل اور اتحاد کے ذریعے اساتذہ برادری کے جائز مسائل کے حل کی راہیں مزید ہموار ہوں گی۔

بقیہ نمبر 20

تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ نون کی ٹیم نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب خطرناک "کوہاٹی" گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ کی نوک پر چھینا گیا لاکھوں روپے مالیت کا مسروقہ سامان، نقدی، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی جانب سے چوری، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی ہے کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں اور ایسے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مشتبہ شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر اطلاع دیں

بقیہ نمبر 21

آزاد کشمیر و سابق ڈپٹی اسپیکر قانون ساز اسمبلی محترمہ شاہین کوثر ڈار سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب میں بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔

بقیہ نمبر 22

مشتمل "جیوے پاکستان ریلی" کوہالہ پل تا مظفرآباد نکالی گئی۔ وفاقی وزیر کی آمد پر کشمیر بنے گا پاکستان، پاکستان زندہ باد، کشمیر زندہ باد، قائد محمد نواز شریف زندہ باد، وزیراعظم شہباز شریف زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر زندہ باد کے زبردست نعرے لگائے گئے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کی جیوے پاکستان ریلی سے خطاب میں کہا کہ میں یہاں ذاتی طور پر اور اپنی قیادت قائد محمد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔ انجینئر امیر مقام صحت کے مسائل کی وجہ سے مجھے کچھ تاخیر ہوئی لیکن میں خاص طور پر کشمیری عوام کا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں جنہوں نے انتخابات میں ہماری قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انجینئر امیر مقام قائد پاکستان محمد نواز شریف نے آزاد کشمیر کے معاملات کی خود نگرانی کرنے کا وعدہ کیا تھا اور پارٹی قیادت اپنے اس وعدے پر قائم ہے۔ انجینئر امیر مقام قائد مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مریم نواز نے مظفرآباد میں آزاد کشمیر کے عوام سے جو وعدے کیے تھے، مسلم لیگ (ن) ان وعدوں پر قائم ہے۔ انجینئر امیر مقام عوام بہت جلد اس کے عملی اثرات اور تبدیلی محسوس کریں گے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ عوام کی جانب سے کیے گئے اعتماد اور محبت پر تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ کشمیری عوام نے پاکستانیت اور مسلم لیگ ن سے اپنی وابستگی ثابت کر دی، انجینئر امیر مقام مسلم لیگ (ن) نے عوام سے جو وعدے کیے تھے، ان پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ عوام نے ثاقب مجید راجہ پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں کامیاب بنایا، آپ سے جو کیا گیا وعدہ بھی پورا کر دیا ہے اور انہیں وزارت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ کشمیری عوام نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ وہ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ مشکل حالات کے باوجود عوام نے گھروں سے نکل کر مسلم لیگ ن کو بھرپور کامیابی دی۔ عوامی اعتماد مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور کارکنوں کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کے عوام کے درمیان محبت اور وابستگی تاریخی ہے اور مسلم لیگ (ن) اس رشتے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ بہترین اور پرامن انتخابات کروانے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، افواج پاکستان اور دیگر اداروں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ آزاد کشمیر کے لیے اعلان کردہ 100 روزہ پروگرام پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔ اگر وہ آج آزاد کشمیر میں موجود ہیں تو اس کا مقصد عوام کا شکریہ ادا کرنا اور انہیں یہ یقین دلانا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ان کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کرے گی۔ وزیر امور کشمیر نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا حصہ ہیں، تاہم کسی بھی احتجاج کے نتیجے میں عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ احتجاج کرنے والے حلقوں سے اپیل کی کہ وہ عوام کو تکلیف دینے سے گریز کریں۔ جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاجی سرگرمیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی اپیل پر احتجاج مؤخر کرنے کا فیصلہ قابل تحسین ہے۔ سیاسی معاملات کا حل مذاکرات اور باہمی مشاورت کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔ خیبر پختونخوا کے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ایسے کسی احتجاج یا سرگرمی کا حصہ نہ بنیں جس سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ سیاسی معاملات کو آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل کیا جانا چاہیے اور عوام کو سیاسی کشمکش کا ایندھن نہیں بننا چاہیے۔ وزیر امور کشمیر نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت، مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور کارکن عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کریں گے۔ ریلی میں وزیر توانائی اور آبی وسائل راجہ ثاقب مجید، شفقت علی چوہدری ایڈووکیٹ، ممبر ان ضلع کونسل یاسر گیلانی، سردار نائید عباسی، راجہ عامر ظفر کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

بقیہ نمبر 23

کی جدید کاری اور پاکستان کے ایوی ایشن شعبے میں وسیع تر تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے پی آئی اے کے لیے نئے طیاروں کی خریداری سے متعلق بوئنگ کی نظرثانی شدہ تجویز کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں طیاروں کی جلد ترسیل کے ممکنہ مواقع اور عبوری مدت کے لیے طیارے لیز پر لینے کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی مالی معاونت، انجنوں اور اسپیئر پارٹس کی خریداری، دیکھ بھال اور گراؤنڈ کیے گئے طیاروں کی بحالی سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ وزیر خزانہ نے پی آئی اے کی نجکاری اور بڑے ہوائی اڈوں کے انتظام کو آؤٹ سورس کرنے کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ایوی ایشن سیفٹی کی استعداد کار میں اضافے، ضابطہ جاتی امور میں تعاون اور امریکہ کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی میں بوئنگ کی معاونت کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان میں ایوی ایشن کے شعبے کے طویل مدتی ترقی کے وسیع امکانات کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ نمبر 24

ASHO مستنصر علی حسن ASI، نوید سجانی IHC احسن فاروق DFC مبارک علی کے ملزم سفیان احمد ولد محمد رمضان قوم بھٹی ساکن موہڑہ صورت کے قبضہ سے 200 گرام چرس گرد آمد ہونے پر مقدمہ درج رجسٹر کیا گیا۔ دوسری کارروائی میں ملزم ظفر اقبال عرف بلا بٹ ولد فضل الٰہی قوم بٹ ساکن منڈا کے قبضہ سے 95 گرام آئس برآمد ہونے پر مقدمہ درج رجسٹر کیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

پروگریسو لیبر یونین فتح یاب رہی تھی۔ اپنے بانی صدر چوہدری نور افسر (مرحوم) گروپ سے منسوب پروگریسو لیبر یونین کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں پیپلز پارٹی کی حامی تنظیم تصور کیا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریفرنڈم 2026 کیلئے قومی صنعتی تعلقات کمیشن (این آئی آر سی) کی زیر نگرانی چاروں صوبوں میں اسٹیٹ بینک کے سولہ سینٹرز (پولنگ اسٹیشن) پر ووٹ ڈالے گئے جس میں آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین نے نہایت سخت مقابلے کے بعد پانچ ووٹوں کی اکثریت سے میدان مار لیا اور اگلے دو سال کیلئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن میں سی بی اے منتخب ہو گئی جس کی گزشتہ روز این آئی آر سی اسلام آباد کی جانب سے انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2012 کی شق 19(9)(e) کے تحت باقاعدہ سی بی اے سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ دریں اثنا ملک کے اعلیٰ ترین مالیاتی ادارے میں پیپلز پارٹی کی حمایت یافتہ یونین کی شاندار کامیابی پر پیپلز لیبر بیورو پاکستان کے انچارج چوہدری منظور احمد، پی ایل بی سنٹرل پنجاب کے صدر سید نذر حسین شاہ، صوبائی سیکرٹری انفارمیشن سجاد حسین ساجد، نائب صدر محمد اعجاز، ڈپٹی جنرل سیکرٹری راجہ پرویز اختر، پی ایل بی کے ڈویژنل صدر امان اللہ خان، جنرل سیکرٹری سہیل مختار، ضلعی نائب صدر واصف حسین شاہ، پی ایل بی راولپنڈی سٹی کے صدر راجہ عبدالمجید اور جنرل سیکرٹری راجہ عمران سمیت دیگر راہنماؤں نے فاتح یونین کے قائد اور جنرل سیکرٹری محمد افضل خٹک، مرکزی صدر جاوید چوہدری، سیکرٹری اطلاعات چوہدری محمد حفیظ، فنانس سیکرٹری راجہ سہیل نذیر، چیئرمین مقصود القمر، سرپرست اعلیٰ رانا عمر عزیز، نائب صدر راؤ منور، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری رحمت اللہ اور چیف ایڈوائزر حیات خان سمیت تمام نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک ریفرنڈم میں آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین کی کامیابی مزدور دوست قیادت اور جمہوری قوتوں کی کامیابی ہے۔ رواں ماہ اوجی ڈی سی ایل اور کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) میں پیپلز لیبر بیورو کی حمایت یافتہ تنظیموں کی کامیابی کے بعد گزشتہ روز اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ملک گیر ریفرنڈم میں بھی پروگریسو لیبر یونین کی فتح ملک کے محنت کش طبقے کا پیپلز پارٹی پر بھرپور اعتماد کا واضح اظہار ہے۔

بقیہ نمبر 27

کہ سرکاری نرخ نامہ جاری ہونے کے باوجود متعدد گوشت فروش اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے گوشت فروخت کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق سرکاری نرخ اور مارکیٹ میں وصول کیے جانے والے نرخوں میں نمایاں فرق پایا جا رہا ہے، جس کے باعث عام صارف کو اضافی رقم ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ اہل علاقہ نے الزام عائد کیا ہے کہ سرکاری نرخ ناموں کی موجودگی کے باوجود ان پر مؤثر عملدرآمد نظر نہیں آ رہا، جبکہ دکاندار من مانے طور پر اپنی مرضی کے ریٹس وصول کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گوشت روزمرہ استعمال کی بنیادی اشیاء میں شامل ہے اور قیمتوں میں اس طرح کے اضافے سے خصوصاً محدود آمدن والے خاندانوں کے لیے مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شہری گل، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور متعلقہ محکمہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کہوٹہ شہر میں گوشت کی قیمتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور مقررہ نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے باقاعدگی سے گوشت کی دکانوں کی چیکنگ کی جائے اور سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کروایا جائے تاکہ عوام کو مقررہ قیمت پر معیاری گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 28

تعلیمی بورڈ ملتان اور بہاولپور نے انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ تعلیمی بورڈ ملتان کے مطابق انٹرمیڈیٹ امتحانات میں مجموعی طور پر 79 ہزار 796 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 53 ہزار 489 امیدوار کامیاب قرار پائے، بورڈ کے مطابق کامیابی کا مجموعی تناسب 3.67 فیصد رہا۔ اسی طرح بہاولپور بورڈ کے مطابق امتحانات میں مجموعی طور پر 60 ہزار 592 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں 48 ہزار 249 ریگولر جبکہ 12 ہزار 343 پرائیویٹ امیدوار شامل تھے۔ بہاولپور بورڈ کے مطابق کامیاب امیدواروں میں 31 ہزار 850 ریگولر اور 4 ہزار 454 پرائیویٹ طلبہ شامل ہیں، مجموعی طور پر کامیابی کا تناسب 92.59 فیصد رہا، جبکہ ریگولر امیدواروں کی کامیابی کا تناسب 01.66 فیصد اور پرائیویٹ امیدواروں کا 09.36 فیصد رہا۔

بقیہ نمبر 29

سامنا کرنے والے شہریوں کے دیرینہ مسئلے کے حل کی امید پیدا ہوئی ہے۔ گولڑہ روڈ کی خستہ حالی اور ناقابل استعمال صورتحال کے خلاف معزز عدالت میں آئینی درخواست ملک عمران الٰہی اور ملک انس فراز کی جانب سے دائر کی گئی تھی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ گولڑہ روڈ کی حالت انتہائی خراب ہو چکی ہے اور شہریوں کے لیے آمد ورفت میں شدید مشکلات پیدا ہو رہی ہیں، لہٰذا مکمل تعمیر و بحالی تک سڑک کی فوری مرمت، بہتری اور اسے قابل استعمال بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ درخواست گزاران کی جانب سے کیس کی پیروی ایڈووکیٹ ملک ایم زبیر گولڑہ، ایڈووکیٹ راجہ عبدالحفیظ، ایڈووکیٹ ملک افتخار احمد، ایڈووکیٹ اختر اعوان کھوکھر، ایڈووکیٹ غلام یاسین اعوان، ایڈووکیٹ خالد فاروق، ایڈووکیٹ محمد علی شاہ اور ایڈووکیٹ رعنا احسن نے کی۔ معزز عدالت نے درخواست گزاران کی استدعا پر متعلقہ محکمہ کو گولڑہ روڈ کی فوری مرمت، بہتری اور اسے قابل استعمال بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی، جبکہ CDA، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، MCI اور سیکرٹری داخلہ کو اپنے جوابات اور رپورٹس عدالت میں جمع کرانے کی بھی ہدایت کی گئی۔ ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ گولڑہ روڈ ہزاروں شہریوں کے لیے اہم گزرگاہ ہے اور اس کی خستہ حالی کے باعث روزانہ شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کی جانب سے فوری مرمت اور بہتری کے لیے ہدایات ایک اہم پیش رفت ہیں اور اس سے شہریوں کو درپیش مشکلات میں کمی کی امید پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے قانونی و آئینی فورم پر آواز اٹھانے کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ نمبر 30

پولیس اہلکاروں محمد یاسر اور عبدالروف کی قربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی سینٹر روبینہ خالد پولیو ورکرز ہمارے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل دینے کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں پولیو ٹیموں پر حملے دراصل پاکستان کے بچوں کے محفوظ مستقبل پر حملہ ہیں سینٹر روبینہ خالد دہشتگرد عناصر صحت عامہ کی قومی مہم کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے کام کرنے والے ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور اہلکار قوم کے محسن ہیں پولیو کے خلاف قومی مہم ہر صورت جاری رہنی چاہیے، بچوں کو موذی مرض سے محفوظ بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے سینٹر روبینہ خالد نے مزید کہا شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے ریاست اور قوم مل کر دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں، امن دشمن عناصر کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے

بقیہ نمبر 31

قوانین، ضوابط اور نگران ادارے کے فیصلوں کی خلاف ورزیوں کے بعد کی گئی ہے۔ اماراتی مرکزی بینک نے کہا کہ ملّی بینک کی تمام شاخوں پر ایران سے یا ایران کو کسی بھی قسم کی مالی لین دین، تجارت کے لیے مالی معاونت اور رقوم کی منتقلی پر پابندی عائد کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 32

سراہا، انہوں نے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس مقصد کے لیے گیٹس فاؤنڈیشن کی طویل عرصے سے جاری معاونت پر شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 33

مزید 15 دن کا اضافہ کر دیا گیا ہے، عمرہ زائرین اب 10 اکتوبر تک بغیر ویکسی نیشن سفر کر سکتے ہیں، عمرہ زائرین کو سہولیات کی فراہمی اور ویکسی نیشن کے عمل میں آسانی کے لیے مدت میں توسیع کی گئی ہے

بقیہ نمبر 34

بلااشتعال فائرنگ شروع کی۔ پاکستان سیکیورٹی فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی کے نتیجے میں دشمن کی توپیں خاموش ہو گئیں۔

بقیہ نمبر 35

درخواست امن وامان کی متوقع صورتحال کے پیش نظر کی۔ واضح رہے کہ تحریک انصاف نے 27 ستمبر کو اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جس سلسلے میں اسلام آباد آنے والے راستوں پر کنٹینرز لگائے جا رہے ہیں جب کہ پنجاب بھر میں دفعہ 144 بھی نافذ کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 36

اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کے درمیان سروس لیول ایگریمنٹ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ معاہدے پر ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب عمر جاوید اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عمر شیر چٹھہ نے دستخط کیے۔ تقریب میں ستھرا پنجاب کے ایڈیشنل ڈی جی رضوان الحق، ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے ایڈیشنل ڈی جی احمد سعید سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ نئے نظام کے تحت مالی سال 2026-27 میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ پراپرٹی ٹیکس کے ساتھ صفائی فیس بھی وصول کرے گا۔ یہ معاہدے کے مطابق گھر گھر سروے، صفائی فیس کے بلوں کی پرنٹنگ اور بلوں سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کے ازالے کی ذمہ داری بھی ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی ہوگی۔ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے صفائی فیس وصول کرنے کا فیصلہ اگست میں ہونے والے 36 ویں صوبائی کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا تھا۔ اس کا مقصد پنجاب کے تمام شہری علاقوں میں صفائی فیس کی وصولی کے لیے یکساں اور منظم نظام قائم کرنا ہے۔ نئے طریقہ کار کے تحت رہائشی گھروں سے ماہانہ صفائی فیس رقبے کے حساب سے وصول کی جائے گی۔ 5 مرلہ تک کے گھر سے 300 روپے، 5 سے 10 مرلہ تک 500 روپے، 10 سے 20 مرلہ تک ایک ہزار روپے، 20 سے 40 مرلہ تک 2 ہزار روپے جبکہ 40 مرلہ سے بڑے گھروں سے 5 ہزار روپے ماہانہ وصول کیے جائیں گے۔ کمرشل یونٹس بھی صفائی فیس کے دائرہ کار میں شامل ہوں گے۔ چھوٹے کمرشل یونٹس سے 500 روپے، درمیانے درجے کے یونٹس سے ایک ہزار روپے جبکہ بڑے کمرشل یونٹس سے 3 ہزار روپے ماہانہ صفائی فیس وصول کی جائے گی۔ صفائی فیس کی وصولی کی خدمات کے عوض ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ ایک فیصد سروس چارجز وصول کرے گا۔ حکام کے مطابق نئے نظام کے ذریعے پنجاب کے شہری علاقوں میں صفائی فیس کی وصولی کو ایک ہی طریقہ کار کے تحت لایا جائے گا، جبکہ بلوں کی تیاری، تقسیم اور شکایات کے ازالے کا عمل بھی ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 37

گمراہ کن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کی مالی حکمت عملی صرف پیٹرولیم لیوی پر انحصار نہیں کرتی بلکہ اس میں ایف بی آر کی آمدن میں اضافہ، ٹیکس بیس کی توسیع، صوبائی ٹیکسز اور اخراجات کو معقول بنانے سمیت متعدد اقدامات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 38

اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ملک بھر سے مسلم لیگ (ن) کے اراکین قومی اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں سکیم کے نفاذ، عوام تک اس کی رسائی بڑھانے اور مستحق افراد کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو کم آمدنی والے طبقات کے لیے جاری خصوصی فیول ریلیف سکیم کے مکمل ڈیجیٹل نظام، پٹرول پمپس پر رجسٹریشن، ڈیجیٹل طریقہ کار اور عملی مسائل کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ عوامی نمائندے اپنے حلقوں میں مستحق افراد تک سکیم سے متعلق معلومات پہنچانے اور انہیں اس سے مستفید ہونے میں معاونت فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کا مؤثر نفاذ اور اہل شہریوں تک ریلیف کی یقینی رسائی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی آگاہی مہم اور سہولت کاری کو مزید تیز کیا جائے جبکہ حکومتی اداروں، پٹرول پمپس اور عوامی نمائندوں کے مابین روابط کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ سکیم کے ثمرات مستحق شہریوں تک مؤثر انداز میں پہنچ سکیں۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ عوامی نمائندے پٹرول سبسڈی کا فائدہ اہل شہریوں تک پہنچانے میں فعال کردار ادا کریں۔ اجلاس کے دوران اراکین قومی اسمبلی اور دیگر شرکاء نے اپنے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل اور تجاویز بھی اجلاس کے سامنے پیش کیں۔

بقیہ نمبر 39

اپنے اسمارٹ فونز کے ذریعے بائیومیٹرک تصدیق کا عمل مکمل کر سکیں گے۔ نئی سہولت کے تحت پاکستان سنگل ونڈو صارفین کو سبسکرپشن، سبسکرپشن کی تجدید اور پروفائل اپ ڈیٹ کے لیے بائیومیٹرک تصدیق کرانے کی خاطر نادرا کے ای سہولت مرکز جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بقیہ نمبر 40

خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن آج سے اسٹیٹ بینک حکام کے ساتھ مذاکرات کا آغاز کرے گا۔ پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے، جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، جبکہ اسٹیٹ بینک حکام آئی ایم ایف وفد کو معاشی کارکردگی پر بریفنگ دیں گے

بقیہ نمبر 41

کی بات کرنا جنگی جرم اور جارحیت کے مترادف ہے، امریکا کو خود کو ایسی کارروائی سے بھی وابستہ نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 42

مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 4 روپے 21 پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے اور نئی قیمت 414 روپے 75 پیسے فی لیٹر مقرر کر دی گئی ہے۔ حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں ایک روپیہ 93 پیسے فی لیٹر کمی کی اور نئی قیمت 390 روپے 12 پیسے فی لیٹر مقرر کر دی ہے

بقیہ نمبر 43

واجبات کی ادائیگی پاک ایپ کے ذریعے عمل کریں، کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست ادائیگی کی ممانعت ہے۔ حج پورٹل کے ذریعے حجاز کمپنیوں کے اکاؤنٹس میں تقریباً اٹھارہ ارب روپے منتقل کر دیے گئے ہیں۔ 45 فیصد رقوم ڈیجیٹل ذرائع جبکہ 55 فیصد مینوئل بینک چالان کے ذریعے جمع ہوئیں

بقیہ نمبر 44

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے سپرد کرتے ہوئے کونسل کو جائزہ لینے اور اپنی سفارشات حکومت کو بھجوانے کی ہدایت جاری کی۔ اس حوالے سے جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے دوران سماعت ریمارکس دیے کہ ڈاکٹرز سے ہفتے میں 102 گھنٹے تک کام لینا غیر انسانی ہے، اس معاملے پر متعلقہ ریگولیٹری اور حکومتی اداروں کو غور کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 45

کے مطابق عراقی حکومت ایرانی پروازوں کا رخ بغداد سے نجف ہوائی اڈے کی جانب موڑنے پر غور کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا تھا کہ امریکی پابندیوں کے خطرے کے باعث 23 ستمبر سے دنیا بھر میں تمام ایرانی ایئر لائنز کی پروازیں بند ہو جائیں گی۔ انہوں نے ساتھ ہی خبردار کیا تھا کہ اگر کوئی ہوائی اڈہ ایرانی ایئر لائنز کو ایندھن، لینڈنگ سہولیات یا ٹکٹوں کی فروخت فراہم کرتا ہے تو اسے امریکی ڈالر کے مالیاتی نظام سے خارج کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 46

۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹل تبدیلی پاکستان کی معاشی استحکام سے پائیدار اقتصادی ترقی کی جانب منتقلی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ وزیر خزانہ نے ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ رابطہ کاری کے ساتھ ساتھ ہنر میں بہتری اور نئی مہارتوں کے حصول پر بھی توجہ دینا ضروری ہے تاکہ فری لانسرز اور دیگر ڈیجیٹل شعبے سے وابستہ افراد اعلیٰ مہارت کی حامل خدمات کی جانب منتقل ہو سکیں۔ ورچوئل اثاثہ جات کے وسیع پیمانے پر بڑھتے ہوئے استعمال کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر خزانہ نے قانون سازی، نگرانی اور لائسنسنگ کے حوالے سے پاکستان کی جاری کوششوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ورچوئل اثاثہ جات کے استعمال کو صرف کرپٹو کرنسی تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ کم لاگت اور آسان ترسیلات زر کے ساتھ ساتھ سرکاری قرض اور رئیل اسٹیٹ کی ممکنہ ٹوکنائزیشن جیسے عملی استعمالات پر بھی توجہ دی جانی چاہیے۔ وزیر خزانہ نے کامیاب تجربات اور مؤثر طریقہ کار کے تبادلے اور ڈیجیٹل معیشت میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے ڈی سی او کے رکن ممالک کے درمیان قریبی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 47

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے عوام کے مابین دفاعی معاہدے سے بہت خوش ہیں۔ پاکستانی عوام الحرمین الشریفین کی حفاظت کو سعادت سمجھتی ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی قیادت اور عوام سعودی عرب کو محبت، عقیدت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ سعودی عرب میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات اعتماد، خلوص اور اخوت کی بنیاد پر قائم ہیں۔ دونوں ممالک کے تعلقات دین اسلام، بھائی چارے اور اعتماد کی بنیاد پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کا مکہ معاہدہ خطے میں امن اور استحکام کی جانب بھی ایک اہم قدم ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ ولی عہد محمد بن سلمان کی بصیرت اور دانشمندی کی بدولت آج سعودی عرب دنیا میں بلند مقام رکھتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور سعودی عرب کے بھائی چارے کو ہمیشہ قائم رکھے۔

بقیہ نمبر 48

عقیدے، تاریخ، دوستی، باہمی اعتماد اور یکجہتی کے گہرے رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ تزویراتی باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ دیرینہ شراکت داری میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں، جو خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

بقیہ نمبر 49

نے اپنا موقف اور شرائط امریکا تک پہنچا دیں، ایرانی شرائط میں تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ اور امریکی کارروائیوں کا روکنا شامل ہے

بقیہ نمبر 50

کے دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جائے گا، پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو ہلال امتیاز (ملٹری) سے بھی نوازا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 51

سپریم لیڈر نے زور دیا کہ وہ علم، ہنر اور اخلاق اپنائیں، کیونکہ علم اگر یقین اور اخلاق کے ساتھ ہو تو یہ جارح دشمن کے خلاف آہنی ڈھال اور تیز تلوار بن سکتا ہے

بقیہ نمبر 52

چیت کی گئی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ثالث پورے دن دونوں فریقوں کے درمیان پیغام رسانی کرتے رہے

بقیہ نمبر 53

کمیشن برائے وقار نسواں کے چیئرپرسن کی تقرری میں مسلسل تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں ڈاکٹر نفیسہ شاہ کی زیر صدارت خصوصی کمیٹی برائے صنفی مرکزی دھارے میں شمولیت کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں قومی کمیشن برائے وقار نسواں کے قائم مقام چیئرپرسن نے کمیشن کے قانونی ڈھانچے، مینڈیٹ، کارکردگی، انتظامی امور اور درپیش چیلنجز پر کمیٹی کو جامع بریفنگ دی جبکہ صوبائی کمیشنز برائے وقار نسواں کے چیئرپرسنز نے بھی اپنے تجربات، کامیابیوں، ادارہ جاتی مشکلات اور مزید تعاون و رابطہ کاری کی ضروریات سے آگاہ کیا

بقیہ نمبر 54

لائن اور دیگر سامان کی چوری اور اس حوالہ سے قانونی پیچیدگیوں سے بھی گورنر کو آگاہ کیا گیا ملاقات میں بندو کورائی گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کے حوالہ سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ گورنر کو ڈیرہ اسماعیل خان گرڈ ٹو کے حوالہ سے بھی ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 55

ہوئی، جبکہ علاقائی سیکیورٹی کے امور اور پاکستان کی جانب سے امن کے لیے کی جانے والی کوششیں بھی زیر بحث آئیں۔ وفاقی وزیر داخلہ اور امریکی سفیر نے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے باہمی رابطوں کو مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں کو سراہا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ دنیا اور دہشت گردی کے درمیان پاکستان ایک مضبوط دیوار ہے۔

بقیہ نمبر 56

ہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر کی مسلم تہذیبی اور مذہبی شناخت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے،

بقیہ نمبر 57

زبان کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ اشاراتی زبان سے مراد، جسم کے مختلف حصوں مثلاً ہاتھوں، انگلیوں اور کندھوں وغیرہ کی مدد سے گفتگو کرنا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے دسمبر 2017 کی قرارداد کے تحت اس دن کو منانے کا فیصلہ کیا اور اقوام متحدہ کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ 23 ستمبر 2018 کو اشاروں کی زبان کا عالمی دن منایا گیا۔ واضح رہے کہ مغربی ممالک میں 17 ویں صدی سے ہی اشاراتی زبان کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہو گیا اور 1620 میں ایک ہسپانوی پادری نے بہرے لوگوں کو اشاروں کی مدد سے تقریر سکھانے کے موضوع پر ایک کتاب بھی تحریر کی تھی لیکن آج انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دور میں ترقی پذیر ممالک اس حوالہ سے بہت پیچھے ہیں۔

بقیہ نمبر 58

اسلام آباد کی جانب چل پڑیں گے۔ بہتر یہی ہے لیوی ختم کر دی جائے بصورت دیگر عوام حکومت گرانے کے لیے نکل پڑیں گے۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، قائمقام امیر پنجاب شمالی اقبال خان اور امیر راولپنڈی عارف شیرازی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجہ میں عوام میں شعور بیدار ہوا ہے۔ لیوی پر عوامی آگاہی سے قبل جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف احتجاج کیا اور حکومت کو ان سے بات کرنے پر مجبور کیا جس سے قومی خزانہ کو ساڑھے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک کی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، جماعت اسلامی کی جدوجہد مافیاز کے خلاف ہے جب کہ دیگر پارٹیاں مافیاز کی مدد سے سیاست کر رہی ہیں۔

امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے لیوی کے خلاف پانچ سو دس مقامات پر سڑکیں بند کر کے جدوجہد کا آغاز کیا، سولہ اگست سے دھرنوں کا آغاز ہوا جو ملک کے بیالیس مقامات پر دیے گئے، اسی دوران حکومت سے مذاکرات کے کئی ادوار ہوئے، حکمرانوں کو قابل عمل تجاویز دیں، حکومت کے پاس ہماری تجاویز کا کوئی مدلل جواب نہیں ہے، حکومت کو بتایا کہ شرح سود صرف تین فیصد کم کرنے سے خزانہ کو پندرہ سو ارب سے زائد کا فائدہ ہوگا، حکمران اپنی مراعات اور عیاشیاں ختم کریں، گیارہ ارب کے جہاز میں سفر کرنے کی بجائے تیرہ سو سی سی گاڑیاں استعمال کریں، جاگیرداروں پر ٹیکس لگائیں، آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی ادائیگیاں بند کی جائیں، ایف بی آر میں تیرہ سو ارب کی کرپشن ہو رہی ہے اس کا خاتمہ کیا جائے۔ حکومت کبھی کہتی ہے سود کا معاملہ سٹیٹ بینک کے اختیار میں ہے جو خود مختار ادارہ ہے اور کبھی کہا جاتا ہے کہ آئی ایم ایف کا دباؤ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئی ایم ایف معاہدہ میں کہیں ذکر نہیں ہے کہ آمدن کے اہداف لیوی لگا کر پورے کیے جائیں، آئی ایم ایف پروگرام قومی معیشت کے لیے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ یہ الگ موضوع ہے اور گزشتہ چھبیس پروگراموں سے یہ امر واضح بھی ہو گیا ہے کہ آئی ایم ایف کا ملکی معیشت کو کتنا فائدہ ہوا، تاہم یہ واضح ہے کہ آئی ایم ایف حکمرانوں کو اخراجات کم کرنے، جاگیرداروں پر ٹیکس لگانے سے نہیں روکتا، آئی ایم ایف نہیں کہتا کہ بجلی پر عوام سے فکسڈ چارجز (Fixed Charges) وصول کیے جائیں۔

حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ عوام پٹرول کے ایک لٹر پر ایک سو چالیس روپے کے قریب ٹیکس ادا کر رہے ہیں، یہ ظلم اب مزید برداشت نہیں کیا جائے گا، حکومت بینک مافیا، آئی پی پیز مافیا، چینی مافیا، آٹا مافیا، ریفائنریز مافیا، آئل مارکیٹنگ کمپنیاں مافیا اور اسی طرح کے دیگر بے شمار مافیاز کو پال رہی ہے، حکومت پرائیویٹ بینکوں سے ستر فیصد قرض لیتی ہے اور ساڑھے گیارہ فیصد سود کی شرح سے بجٹ میں بینکوں کو ساڑھے آٹھ ہزار ارب کے لگ بھگ ادائیگیاں ہوتی ہیں، ملک کے چالیس فیصد عوام کے بینک اکاؤنٹ کرنٹ کیٹیگری کے ہیں، جب عوام اتنی بڑی تعداد میں بینکوں سے سودی کاروبار نہیں کرتی تو حکومت پرائیویٹ بینکوں سے قرضوں پر سود کہاں سے ادا کرتی ہے؟ یہ سود عوام کی جیبوں پر براہ راست ڈاکہ ڈال کر ادا کیا جاتا ہے اور یہی بدترین سرمایہ دارانہ نظام ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی طرح کی معیشت میں شرح سود کا مہنگائی سے کوئی تعلق نہیں بنتا۔

بقیہ نمبر 59

ایرانی صدر نے کہا کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا تاہم پرامن جوہری ٹیکنالوجی اس کا فطری حق ہے۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ ایران نہ جوہری ہتھیار چاہتا ہے اور نہ ہی پرامن جوہری ٹیکنالوجی کے اپنے حق سے دستبردار ہوگا۔ انہوں نے بار بار ایران کے جوہری پروگرام کی انسپکشن پر کہا کہ اسرائیل کی جوہری تنصیبات کا معائنہ کیوں نہیں کیا جاتا حالانکہ اسرائیل جوہری عدم پھیلاؤ معاہدے کا رکن نہیں ہے

مختلف مکاتب فکر کے اہم ترین شخصیات کی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت اور پارٹی چیئرمین خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہماری سیاست فلاحی، عمل کر کے میدان میں آئے ہیں، خاقان خواجہ

بلدیاتی سطح پر کونسلر کھڑا کریں گے اور انہیں بااثر بنانے کیلئے پالیسی دینگے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مختلف سیاسی وسماجی و کاروباری اور مذہبی شخصیات کی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت. پارٹی میں شامل ہونے والوں میں اسد کمال. فیصل جمال یار محمد۔ محمد ہاشم۔ محمد ندیم۔ ابوبکر خان۔ قاضی ظہور احمد۔ بلاول سلطان قاری محمد اشرف۔ محمد زبیر رفیق۔ محمد ادریس۔ افتخار احمد۔ مولانا عبدالصبور فہیم کیانی۔ ناصر نثار۔ ولی اللہ اور احتشام اشرف شامل تھے۔ پارٹی میں شمولیت کی تقریب سے پارٹی کے جنرل سیکرٹری ملک اعجاز حسین۔ ملک امجد علوی۔ امجد اسلام امجد اور راجہ ریاض سمیت مختلف شخصیات نے خطاب کیا اور پارٹی پالیسیوں کی تعریف کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لاہور ہائیکورٹ' شک کا فائدہ' قتل کیس میں عمر قید پانے والے دو ملزمان بری

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں شواہد کی کڑی مکمل نہ ہونے، ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر اور مقتول کی لاش کی شناخت ثابت نہ ہونے پر دو ملزمان کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے محمد قاسم عرف کاشو بنام ریاست، محمد طارق بنام ریاست اور مسما کوثر بی بی بنام ریاست پر مشتمل مقدمات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

صدر پی ایچ ایف محی الدین وانی، کمشنر کراچی کے ہمراہ سکول کی طالبات میں ہاکی کٹس تقسیم کر رہے ہیں

کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ، گڈز ٹرانسپورٹرز نے سامان کی ترسیل بند کر دی، اشیاء کی قلت کا خدشہ

کنٹینرز پکڑے جانے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے جس کے سبب گڈز ٹرانسپورٹ نے لوڈنگ روک دی

اسلام آباد، پنجاب میں بھی پکڑ دھکڑ، شپنگ کمپنیز نے گڈز ٹرانسپورٹ کو کنٹینرز کی ترسیل روک دی، چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے معاملے پر گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کر دی۔ چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل کے مطابق کنٹینرز پکڑے جانے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے جس کے سبب گڈز ٹرانسپورٹ نے لوڈنگ بند کر دی ہے۔ چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل نے کہا کہ کراچی سے اسلام آباد کے لیے اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی سپلائی معطل کر دی ہے۔ دوسری جانب اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

نصرت لغاری نیشنل پیس کونسل کی ڈائریکٹر مقرر

کونسل کے منصوبہ بندی اور ترقی سے متعلق اقدامات میں اپنا کردار ادا کریں گی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل پیس کونسل آف پاکستان (NPCP) کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر نصرت لغاری کو پاکستان کے لیے ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ (P&D) نامزد کیا گیا ہے۔ تقرری کا نوٹیفکیشن 22 ستمبر 2026 کو جاری کیا گیا۔ اپنی نئی ذمہ داری میں ڈاکٹر نصرت لغاری نیشنل پیس کونسل کے منصوبہ بندی اور ترقی سے متعلق اقدامات میں اپنا کردار ادا کریں گی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سیاسی معاملات کا حل مذاکرات اور باہمی مشاورت کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے، انجینئر امیر مقام

شہباز شریف اور مریم نواز نے مظفر آباد میں آزاد کشمیر کے عوام سے جو وعدے کیے مسلم لیگ (ن) ان وعدوں پر قائم ہے

عوام کی جانب سے کیے گئے اعتماد اور محبت پر تہہ دل سے شکر گزار ہیں، وفاقی وزیر امور کشمیر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام دو روزہ سرکاری دورے پر آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کوہالہ پل تا مظفر آباد "جیوے پاکستان ریلی" کے ہزاروں شرکاء سے خطاب کیا۔ کوہالہ پل آمد پر ہزاروں افراد نے وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا۔ ریلی آزاد جموں و کشمیر کے وزیر توانائی و آبی وسائل ثاقب مجید کی جانب سے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کی قیادت ہزاروں گاڑیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مشترکہ خوشحالی کی بنیاد پر علاقائی مستقبل کی تعمیر کرنی ہوگی، جواد ظریف

ابھرتا ہوا پوسٹ پولر عالمی نظام علاقائی ریاستوں کے لیے چیلنجز اور مواقع دونوں لیکر آیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ۔شہر نامہ) ڈاکٹر جواد ظریف، سابق وزیر خارجہ اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ گول میز مباحثہ "پوسٹ پولر دنیا" ہمیں خود بخود امن نہیں دیتی؛ یہ ہمیں زیادہ ذمہ داری دیتی ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کے خلاف سیکیورٹی سے نکل کر ایک دوسرے کے ساتھ سیکیورٹی کی طرف بڑھنا ہوگا، اور مکالمے، تعاون اور مشترکہ خوشحالی کی بنیاد پر علاقائی مستقبل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے پرعزم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے پرعزم۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی اپنی دفتر میں کھلی کچہری۔ شہریوں کے مسائل سنے، متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

غیر متعدی بیماریوں میں مسلسل اضافہ بڑا مسئلہ بن چکا، عبدالحفیظ

نوجوان عوام کو غیر متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتے، ثناء گھمن

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پناہ کے ٹیکنیکل ایڈوائزر عبدالحفیظ نے کہا کہ پاکستان میں غیر متعدی بیماریوں میں مسلسل اضافہ ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے، جس کے باعث لاکھوں افراد ذیابیطس، موٹاپے، امراضِ قلب، گردوں کی بیماریوں اور بعض اقسام کے کینسر میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ پاکستان میں ہونے والی 60 فیصد اموات کی وجہ یہ غیر متعدی بیماریاں ہیں، الٹرا پروسیسڈ مصنوعات کا استعمال اس قومی صحت کی ہنگامی صورتحال میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، اس کی بڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مریم نواز ویژن، آزاد کشمیر میں خوشحالی کا انقلاب لائیں گے، مریم ادریس

میرپور (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی رکن محترمہ مریم ادریس نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز پنجاب کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح و بہبود کا ماڈل آزاد کشمیر میں بھی لے آئی ہیں، جس کے تحت آزاد کشمیر کے عوام کے لیے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسٹیٹ بینک ریفرنڈم: آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین نے میدان مار لیا

پیپلز لیبر بیورو کی جانب سے جنرل سیکرٹری افضل خٹک اور ان کی ٹیم کو مبارک باد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں اجتماعی سودا کاری ایجنٹ (سی بی اے) کے تعین کیلئے ہونیوالے ملک گیر ریفرنڈم 2026 میں آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین (انتخابی نشان مشعل) نے جنرل سیکرٹری افضل خٹک کی قیادت میں سخت مقابلے کے بعد تیسری بار میدان مار لیا ہے اس سے قبل 2019 اور 2021 کے ریفرنڈم میں بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیر خزانہ کی بوئنگ گلوبل کے صدر سے ملاقات

نیویارک (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے دوران بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر برینڈن نیلسن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پی آئی اے کے فضائی بیڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

میرپور، ملزم سے 200 گرام چرس برآمد

میرپور (بیورو رپورٹ) تھانہ پولیس افضل پور کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں پہلی کاروائی میں ایس ایچ او عمران قاسم نے معہ نعمان خالق SI / (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پٹرولیم لیوی ختم کرنے کی جدوجہد جاری رہے گی، لیاقت بلوچ

عوامی جلسوں کے ذریعے اپنی جدوجہد اور احتجاج کو مزید منظم کیا جائے گا

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعتِ اسلامی، مجلس قائمہ سیاسی قومی اُمور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی ختم کرنے کی جدوجہد ہر صورت جاری رہے گی، امیر جماعتِ اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے قائدینِ جماعت سے وسیع تر مشاورت کے بعد سُپر لانگ مارچ کو فی الوقت وزیراعظم سے ملاقات تک مؤخر کر دیا ہے، سُپر لانگ مارچ کا ملتان میں پڑاؤ رہے گا، اِس دوران دھرنوں کو مزید شہروں تک وُسعت اور بڑے شہروں میں عوامی جلسوں کے ذریعے اپنی جدوجہد اور احتجاج کو مزید منظم کیا جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے میڈیا نمائندگان کے سوالات کے جواب میں کہا کہ پٹرولیم مصنوعات فی لٹر پر حکومتی لیوی بھتہ کا خاتمہ، آئی پی پیز کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بھارت: اتر پردیش میں 100 سال پرانے قبرستان مسمار

کانپور (کے ایم ایس) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست اتر پردیش کے شہر کانپور میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی آڑ میں تقریباً 100 سال پرانے قبرستان کو مسمار کر دیا گیا جس کے خلاف مقامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

دشت میرانی، انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام، 58 افراد گرفتار

اسمگلرز پاکستان کے راستے ایران اور پھر یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے

کیچ (صباح نیوز) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لیا گیا، گرفتار افراد انسانی اسمگلروں کے ذریعے پاکستان کے راستے ایران اور پھر یورپ جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کہوٹہ میں گوشت کی من مانے نرخوں پر فروخت

مٹن 2500 اور بیف 1500 روپے کلو تک پہنچ گیا، شہری سراپا احتجاج

کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) کہوٹہ شہر میں گوشت کی قیمتوں میں من مانے اضافے کی شکایات نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں مٹن 2400 سے 2500 روپے فی کلو جبکہ بیف 1400 سے 1500 روپے فی کلو تک فروخت کیا جا رہا ہے، جبکہ مٹن کا سرکاری نرخ 1900 روپے فی کلو مقرر ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ایس سی او کا نوٹس، بی آئی ایس پی دفاتر کی انٹرنیٹ سروس بحال

مظفر آباد (خبر نگار) سپیشل کمیونیکیشنز آرگنائزیشن (SCO) نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) آزاد جموں و کشمیر کے دفاتر میں انٹرنیٹ سروس کے مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سروس بحال کر دی، جس کے بعد بی آئی ایس پی کے ڈیجیٹل آپریشنز معمول کے مطابق بحال ہو گئے ہیں اور مستحقین کو خدمات کی فراہمی میں مزید آسانی پیدا ہوئی ہے۔

آئی جی اسلام آباد سے گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے وفد کی ملاقات

ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور الائنس کے عہدیداران بھی موجود تھے

آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے وفد سے ملاقات۔ آئی جی اسلام آباد نے وفد کو اہم اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ پولیس افسران کو ادویات، اشیائے خوردونوش اور فوری خراب ہونے والی اشیاء کے کنٹینرز فوری مالکان کے حوالے کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، دی سٹی سکول بحریہ چیپٹر میں بچے تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر کامران و دیگر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے اوورسیز کمیونٹی کردار ادا کرے، برطانوی ہائی کمشنر

ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (AI)، رئیل اسٹیٹ، انفراسٹرکچر کی ترقی میں سرمایہ کاری کے بڑے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، ٹیپو عثمان

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنا سرمایہ، مہارت اور تجربہ پاکستان کی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (AI)، رئیل اسٹیٹ، مہمان نوازی اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بڑے مواقع پیدا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اڈیالہ، مخدوم غلام ربانی کے والدین کے ایصال ثواب کیلئے میلاد سے انوار ہمدانی و دیگر خطاب کر رہے

انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو نتائج جاری، پنجاب گروپ آف کالجز نے میدان مار لیا

79 ہزار 796 امیدواروں کی شرکت، 53 ہزار 489 امیدوار کامیاب قرار پائے، کامیابی کا مجموعی تناسب 3.67 فیصد رہا

بہاولپور امتحانات، 60 ہزار 592 امیدواروں کی شرکت، 48 ہزار 249 ریگولر، 12 ہزار 343 پرائیویٹ امیدوار شامل تھے

لاہور (نیوز ایجنسی) پنجاب بھر میں انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو 2026 کے سالانہ امتحانات کے نتائج جاری کر دیے گئے ہیں۔ لاہور بورڈ کے نتائج کے مطابق امتحانات میں کامیابی کا تناسب 64 فیصد سے زائد رہا، امتحانات میں ایک لاکھ 89 ہزار 373 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے ایک لاکھ 23 ہزار 60 امیدوار کامیاب ہوئے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

عدالت کا گولڑہ روڈ کی فوری مرمت کا حکم خوش آئند ہے: ظہیر اعوان

شہریوں کے دیرینہ مسئلے کے حل کی امید پیدا ہوئی ہے، قانون دان

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) معروف قانون دان ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ نے گولڑہ روڈ کی فوری مرمت و بحالی سے متعلق معزز عدالت کے اہم حکم کو شہریوں کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عدالتی حکم سے گولڑہ روڈ کی خستہ حالی کے باعث مشکلات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

شمالی کوریا کا تین گھنٹوں کے دوران دو بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ

پیانگ یانگ (صباح نیوز) شمالی کوریا نے تین گھنٹوں کے دوران دو بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تقریباً ایک ہفتے کے دوران بیلسٹک میزائل تجربات کا دوسرا سلسلہ ہے۔

اڈیالہ، دو گروپوں میں کشیدگی صلح میں تبدیل

آئندہ باہمی مشاورت سے اختلافات حل کرنے پر اتفاق

اڈیالہ (نامہ نگار) دو گروپوں میں کشیدگی بلآخر صلح میں تبدیل۔ چند روز قبل خونی تصادم ہوتے ہوتے رہ گیا۔ آئندہ باہمی مشاورت سے اختلافات حل کرنے پر اتفاق۔ چیئرمین گروپ اور چوہدری گروپ کے درمیان دربارِ عالیہ ولی اللہ سید سردار باواغازی امام نون سرکارؒ پر صلح۔ دونوں گروپوں نے ایک دوسرے کو گلے لگا لیا۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل خونی تصادم ہوتے ہوتے رہ گیا، تھانہ صدر بیرونی کی پولیس کی فوری کارروائی، عدالت میں ابتدائی صلح کے باوجود کشیدگی برقرار رہی، پیر باوا سید ثاقب حسین کاظمی کی ہدایت پر دونوں فریقین گلے مل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد پولیس کے افسر کھلی کچہری میں سائل کے مسائل سن رہے ہیں

نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہے، مفتی عبدالمنان

باپ اولاد کے سر کا تاج اور ماں کے پاؤں تلے جنت ہے

اڈیالہ (نامہ نگار) حضور کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا، آپ صرف انسانوں ہی کیلئے نہیں بلکہ چرند، پرند اور جانوروں کیلئے بھی رحمت بن کر تشریف لائے۔ نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ خوش بخت ہیں وہ والدین جو اپنے پیچھے نیک اولاد چھوڑ گئے۔ باپ اولاد کے سر کا تاج اور ماں کے پاؤں تلے جنت ہے۔ والدین کی جدائی کا غم اولاد کے دلوں میں تاحیات زندہ رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر مفتی عبدالمنان چشتی اور علامہ اشتیاق احمد علوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

کے پی اساتذہ الیکشن کے حوالے سے اہم پیش رفت

جواد عنایت کی ڈائریکٹر ایجوکیشن منصور عباسی سے ملاقات، اہم فیصلے

چارسدہ (نمائندہ شہر نامہ) آل ٹیچرز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا کے صوبائی جنرل سیکرٹری محترم حاجی جواد عنایت خان نے ڈائریکٹر ایجوکیشن محترم جناب منصور عباسی صاحب سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبائی جنرل سیکرٹری نے اساتذہ برادری کے وسیع تر مفاد میں اس امر کی درخواست کی کہ ماضی کی روایت کے مطابق تمام متعلقہ اساتذہ یونینز کے انتخابات کا انعقاد کیا جائے، تاکہ اساتذہ اپنی مرضی سے اپنے نمائندے منتخب کر سکیں اور نمائندگی کا عمل جمہوری انداز میں آگے بڑھ سکے۔ اس موقع پر محترم ڈائریکٹر ایجوکیشن منصور عباسی نے مثبت پیش رفت کرتے ہوئے یکم اکتوبر 2026ء بروز جمعرات، صبح 00:11 بجے تمام اساتذہ یونینز کے صدور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

نیلم، ٹمبر مافیا کیخلاف ایکشن، غیر قانونی لکڑی ضبط، اٹھمقام سیل ڈپو منتقل

نیلم (بیورو رپورٹ) ٹمبر مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری وزیر جنگلات کرنل وقار نور کی ہدایت پر مہتمم جنگلات کیرن ڈویژن سردار محمد اکرم کا کامیاب چھاپہ کیرن رینج کمپارٹمنٹ نمبر 02 نیلم سے سینکڑوں مکعب فٹ غیر قانونی لکڑی کائل بشکل چالیاں وستون ضبط کر کے سیل ڈپو اٹھمقام منتقل کر دیے ٹمبر مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کے لئے تھانہ پولیس کو مکتوب جاری۔ غیر قانونی کٹائی اور سمگلنگ کے خلاف پختہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

چمن سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

اسلام آباد (آئی این پی) چمن سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 8.3، گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی جبکہ مرکز چمن کے قریب واقع پہاڑی سلسلے میں تھا۔ زلزلے کے بعد لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور دفاتر سے باہر نکل آئے، تاہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، خطرناک "کوہاٹی" گروہ کے تین ارکان گرفتار

وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج

راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث خطرناک "کوہاٹی" گروہ کے تین ارکان گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مسروقہ سامان، نقدی، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

الیکشن دھاندلی کیخلاف ٹریبونل میں عذرداری دائر کر دی، جاوید بڈھانوی

کوٹلی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر حکومت و پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری امیدوار اسمبلی نکیال جاوید اقبال بڈھانوی نے ممبر اسمبلی عمیر نعیم کے خلاف وفاقی حکومت کی مداخلت۔ پری پول دھاندلی۔ الیکشن کمیشن کی طرف سے انتخابی بے ضابطگی اور الیکشن میں دھاندلی کے خلاف الیکشن ٹریبونل میں عذرداری دائر کر دی جس میں سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

تنازع کشمیر کے حل کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے، شاہین کوثر ڈار

بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت پیپلز پارٹی نے ہمیشہ حق خودارادیت کی حمایت کی

راولپنڈی (آئی این پی) خواتین ونگ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی جانب سے راولپنڈی سیکرٹریٹ میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے یوم پیدائش کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صدر خواتین ونگ پاکستان پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

SHEHAR NAMA Islamabad

شہر نامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356